★★★ آپ ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، واہ کینٹ، بہاولنگر، چشتیاں، بہاولپور اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر

روزنامہ نوید پاکستان

لاہور

بہاولنگر

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | گروپ ایڈیٹر: شہباز انجم رانا | مینجنگ ایڈیٹر، چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 30 | سوموار، 18 مئی 2026ء، 01 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 373

حکومت کا خاص فوکس خواتین کے تحفظ پر ہے، مریم نواز

ہر خاتون بلاخوف وخطر، اعتماد اور تحفظ کے ساتھ گھر سے باہر نکل سکے اور اسے کسی قسم کی ہراسانی یا بدسلوکی کا سامنا نہ کرنا پڑے، پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کا تعلق بھی اسی تعلیمی ادارے سے ہونا ان کے لیے باعثِ فخر ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ان کی اولین ترجیح خواتین کے لیے ایک محفوظ پنجاب بنانا ہے جہاں ہر خاتون بلاخوف وخطر، اعتماد اور تحفظ کے ساتھ گھر سے باہر نکل سکے اور اسے کسی قسم کی ہراسانی یا بدسلوکی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کا تعلق بھی اسی تعلیمی ادارے سے ہونا ان کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ وہ سیاست میں آئیں گی، تاہم وقت کے ساتھ حالات نے انہیں اس میدان میں آنے کا موقع دیا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ چند سال قبل تک پاکستان مسلم لیگ (ن) میں خواتین فرنٹ لائن سیاست میں کم دکھائی دیتی تھیں، مگر (بقیہ نمبر 37)

نواز شریف نے آئندہ مالی سال کے بجٹ پر بریفنگ مانگ لی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے آئندہ مالی سال کے بجٹ (بقیہ نمبر 1)

لیگی رکن پنجاب اسمبلی ایوب گاڈھی پر حملے میں ملوث ملزم لاہور سے گرفتار

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی ایوب گاڈھی پر حملے میں ملوث ملزم کو (بقیہ نمبر 4)

پاکستان اور آذربائیجان کے مابین ٹریڈ اور ٹرانزٹ معاہدے اہمیت کے حامل ہیں، علیم خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان (بقیہ نمبر 5)

طالبات کی تعلیم ان کے روشن مستقبل، معاشی خودمختاری کے لیے بھی ناگزیر ہے، جہانگیر ترین

لاہور (این این آئی) جہانگیر خان ترین کی جانب سے گورنمنٹ اسلامیہ کالج برائے خواتین، کوپر روڈ (بقیہ نمبر 6)

وزیر اطلاعات کی پاکستان کیخلاف بدنیتی پر مبنی منفی مہم کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے خطے میں پائیدار امن کے لیے پاکستان کے (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی آبادی کو کنٹرول کرنے کے اقدامات سے متعلق اجلاس ہوا۔

ملک بھر کیلئے کریکٹر سرٹیفکیٹ کا نظام یکساں کر دیا گیا

شہریوں کو صرف نیشنل پولیس بیورو سے ہی سرٹیفکیٹ لینا پڑے گا

لاہور (این این آئی) وزارت داخلہ نے بیرون ملک جانے والوں اور ملازمت کے امیدواروں کے آسانی کے لئے پہلی بار ملک بھر کے شہریوں کے لیے کریکٹر سرٹیفکیٹ کے نظام یکساں کر دیا۔ چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کا ڈیٹا یکجا کر دیا گیا، پہلی بار ملک بھر کیلئے (بقیہ نمبر 2)

محسن نقوی کا پشاور دورہ، شہدا پولیس کو خراج عقیدت، سی ٹی ڈی اور سیف سٹی منصوبوں کا جائزہ لیا

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پشاور کا دورہ کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 3)

مریم نواز نے ادارہ جاتی احتساب کی نئی مثال قائم کر دی، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ پنجاب نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت فیصل آباد میں ہونے والی سنگین بدعنوانی کا خود پردہ فاش کر دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات ونشریات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ادارہ جاتی احتساب کی نئی مثال قائم کر دی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب پہلی بار وزیراعلیٰ نے خود کسی ادارے کا احتساب کر مریم نواز شریف نے لائیو ڈیش بورڈ کی بدولت کے پبلک کیس اینٹی کرپشن کو بھیج دیا۔ انہوں نے کہا ستھرا پنجاب میں بدعنوانی بے نقاب کی، تاریخ میں کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے (بقیہ نمبر 8)

برآمدات پر مبنی صنعت ملکی ترقی کے اہداف کیلئے ناگزیر، وزیراعظم

برآمدات پر مبنی صنعت، ملکی ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے ناگزیر ہے، حکومت اپنی توجہ برآمدات میں اضافے اور صنعتوں کو سہولیات فراہم کرنے پر مرکوز کیے ہوئے ہے، ایسے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور صنعتیں، جو کہ برآمدات میں اضافے کے حوالے سے اہم ہیں

ایسے نئے کاروباروں اور صنعتوں کے فروغ کے لیے بھی حکمت عملی مرتب کی جائے جو ملکی برآمدات میں اضافے کا باعث بنیں، ملکی صنعت اور تجارت میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ اور جدت، ملکی مصنوعات کو عالمی مارکیٹ میں مسابقت دلانے میں مددگار ثابت ہوگی

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم نے درمیان درجے کی صنعتوں کو سہولیات فراہم کرنے ایکسپورٹ میں اضافے کے لیے چھوٹے اور کی ہدایات جاری کر دیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی برآمدات میں اضافے کے حوالے سے حکمت عملی پر اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے اجلاس میں کہا کہ برآمدات پر مبنی صنعت، ملکی ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے ناگزیر ہے، حکومت اپنی توجہ برآمدات میں اضافے اور صنعتوں کو سہولیات فراہم کرنے پر مرکوز کیے ہوئے ہے، ایسے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور صنعتیں، جو کہ (بقیہ نمبر 38)

لاہور: صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ بلال یاسین، واسا پنجاب کے ترقیاتی منصوبوں بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیر تجارت سے چمڑے کی صنعت کے نمائندوں کے وفد کی ملاقات، مارکیٹ تک رسائی کے مسائل آگاہ کیا

سٹیک ہولڈرز کی جانب سے اٹھائے گئے خدشات کو دور کیا جائے گا، وفاقی وزیر جام کمال کی وفد کو یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر تجارت جام کمال خان سے چمڑے کی صنعت کے نمائندوں کے وفد نے جھرات کو ملاقات کی۔ ملاقات میں شعبے کی برآمدی کارکردگی، مسابقتی چیلنجز، ٹیکس کے دباؤ، مارکیٹ تک رسائی کے مسائل اور اصلاحاتی تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا جس کا مقصد صنعتی ترقی اور برآمدی صلاحیت کو تقویت دینا تھا۔ ملاقات کے دوران وفد کے ارکان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 9)

لاہور: سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے چین کے قونصل جنرل سن یان ملاقات کر رہے ہیں۔

وزیراعظم سے آذربائیجان کے وزیر انصاف کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان اور آذربائیجان برادر ممالک ہیں جن کے تعلقات ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے آذربائیجان کے وزیر انصاف فرید تراب اوغلو احمدوف نے وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر قانون، انصاف و انسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، (بقیہ نمبر 11)

وزیر خارجہ کی اسحاق ڈار کے ساتھ حالیہ گفتگو کو غلط طور پر پیش کیا گیا، دفتر خارجہ

نائب وزیراعظم نے خطے اور خطے سے باہر ایران اور امریکہ تنازع کے حل کے لیے بھی رابطے کیے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان یقین رکھتا ہے کہ پرامن، بامقصد اور تعمیری مذاکرات مسائل کے حل کیلئے ضروری ہیں، کچھ میڈیا رپورٹس میں چینی وزیر خارجہ وانگ یی کی نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے ساتھ حالیہ گفتگو کو "غلط طور پر پیش کیا گیا، بھارت میں مذاکرات کی بات کرنے والی آوازیں ایک مثبت پیش رفت ہیں، اور پاکستان ان پر بھارتی حکومت کے مثبت ردعمل (بقیہ نمبر 13)

لاہور: بسمینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے چین کے قونصل جنرل سن یان ملاقات کر رہے ہیں۔

وزیراعظم سے آذربائیجان کے وزیر انصاف کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان اور آذربائیجان برادر ممالک ہیں جن کے تعلقات ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے آذربائیجان کے وزیر انصاف فرید تراب اوغلو احمدوف نے وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر قانون، انصاف و انسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، (بقیہ نمبر 11)

وزیر خارجہ کی زیر صدارت اجلاس، آئندہ بجٹ کیلئے ٹیکس پالیسی سے متعلق تجاویز پر غور

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے وزیراعظم کی جانب سے قائم کردہ کمیٹی کے فالو اپ (بقیہ نمبر 10)

ڈائریکٹر کالجز راولپنڈی امجد اقبال خٹک بطور مہمان خصوصی شریک، اعزازی شیلڈ اور انعام سے نوازا

پاک چین دوستی ڈائمنڈ جوبلی مقابلہ جات

گورنمنٹ خدیجہ عمر ایسوسی ایٹ کالج ٹیچ بھاٹہ راولپنڈی کی طالبہ انجلینا قیوم صوبائی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب

راولپنڈی (.....) حکومت پاکستان کی جانب سے سال 2026 کو پاک چین دوستی کے یادگاری سال کے طور پر منایا جا رہا ہے، جس کے تحت سٹیمپ اور کوائن ڈیزائن کے مقابلہ جات ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی سطح پر منعقد کیے گئے۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ خدیجہ عمر ایسوسی ایٹ کالج ٹیچ بھاٹہ راولپنڈی کے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ کالج کی طالبہ انجلینا قیوم (سال اول) نے اپنی شاندار تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسٹیمپ ڈیزائن مقابلے میں ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ طالبہ کی اس نمایاں کامیابی کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کالج میں کیا گیا، جس میں ڈائریکٹر کالجز راولپنڈی ڈویژن امجد اقبال خٹک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کامیاب طالبہ کو اعزازی شیلڈ اور خصوصی انعام سے نوازا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر کالجز امجد اقبال خٹک نے کہا کہ انجلینا قیوم کی کامیابی محنت، تخلیقی سوچ اور اساتذہ کی بہترین رہنمائی کا عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے طالبہ کی کارکردگی کو ادارے اور راولپنڈی ڈویژن کے لیے باعث فخر قرار دیا۔ کالج کی پرنسپل ڈاکٹر عاصمہ ظفر نے کامیاب طالبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی اپنی صلاحیتوں کے ذریعے ادارے اور ملک کا نام روشن کرتی رہے گی۔ اس موقع پر اساتذہ کرام اور طالبات نے بھی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انجلینا قیوم کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔

کمال ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول چوڑ میں 27 ویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

تقریب کے دوران سکول کے طلباء وطالبات نے مختلف ٹیبلو، ملی نغمے اور تقاریر پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی

چوکپنڈوڑی (نامہ نگار) کمال ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول چوکپنڈوڑی میں 27 ویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد۔ چوکپنڈوڑی کے سب سے بڑے نجی تعلیمی ادارے کمال ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول میں 27 ویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب کے دوران سکول کے طلباء وطالبات نے مختلف ٹیبلو، ملی نغمے اور تقاریر پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی جبکہ مختلف موضوعات پر بچوں کی صلاحیتوں کو بھی اجاگر کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایس پی (ر) راجہ طاہر بشیر تھے جبکہ دیگر مہمانوں میں پیٹرن انچیف پریس کلب چوکپنڈوڑی راجہ راشد سلطان، ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر قاضی عبدالروف، اورنگزیب، چودھری الفت بلو، چیئرمین پریس کلب راجہ نوید منور، سیکرٹری پریس کلب کلر سیداں وکوچ کرائے پرویز اقبال وکی، پرویز قریشی، ماسٹر طارق پرویز، سینئر نائب صدر پریس کلب محمد اویس، یاسر اکرم راجہ، خرم کمال اکرم راجہ سمیت دیگر سیاسی، سماجی اور تعلیمی شخصیات شامل تھیں۔ مقررین نے اپنے خطابات میں تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم ہی ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے اور نجی تعلیمی ادارے اس سلسلے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ سکول کے پرنسپل نیئر جمال اکرم راجہ نے تقریب میں شرکت کرنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے سکول کی تعلیمی کارکردگی اور جدید تعلیمی نظام پر بھی اظہار خیال کیا۔

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے پاکستان عالمی مشائخ کونسل کے وفد کی ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف کی نگرانی میں حج کے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے پاکستان عالمی مشائخ کونسل کے وفد کی ملاقات خطہ پوٹھوہار کی معروف روحانی شخصیت اور پاکستان عالمی مشائخ کونسل اسلام آباد کے صدر پیر آغا زجی سرکار کی قیادت میں وفد میں جنرل سیکریٹری ملک زبیر، کوآرڈینیٹر شکیل اعوان بھی شامل تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی نگرانی میں حج کے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف کی گفتگو سعودی حکومت کے تعاون سے اللہ تعالیٰ کے مہمانوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنا بڑی سعادت ہے، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف کی گفتگو وزیراعظم شہباز شریف ذاتی طور پر حج انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف کی گفتگو خادمین حرمین الشریفین شاہ سلمان اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان حجاج کرام کے لئے انتظامات کو ہر سال بہترین سے بہترین بنا رہے ہیں، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف کی گفتگو دہشت گردی کے خلاف بیانیہ بنانے میں علمائ، مشائخ اور دینی طبقات کا کلیدی کردار ہے، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف کی گفتگو پاکستان کی بہادر مسلح افواج اور عوام دہشت گردی کے خاتمے کے لئے قربانیاں دے رہے ہیں، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف کی گفتگو دہشت گردی کے خلاف پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بہ شانہ ہیں، پیر آغا جی سرکار کی گفتگو وفد نے حج کے بہترین انتظامات پر وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر سردار یوسف کو مبارک پیش کی۔

راول ڈویژن پولیس کی قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں

6 قمار باز گرفتار، داؤ پر لگی رقم 29 ہزار 850 روپے، 6 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راول ڈویژن پولیس کی قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں، 6 قمار باز گرفتار، داؤ پر لگی رقم 29 ہزار 850 روپے، 6 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے تاش کے پتوں پر جوا کھیلنے والے 5 افراد کو حراست میں لیکر داؤ پر لگی رقم 20 ہزار 800 روپے، 5 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کیے، وارث خان پولیس نے بذریعہ BPEXCH لائیو ایپ سے جوا کھیلنے والے قمار باز کو گرفتار کر کے رقم 9 ہزار 50 روپے اور موبائل فون برآمد کیا، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے۔

پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن کا ضلعی انتظامیہ پر دوہرے معیار کا الزام

عام دکانیں 8 بجے بند مگر شادی ہالوں میں فرنیچر نمائش رات دیر تک جاری

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن اسلام آباد کے تاجروں کے ساتھ یہ دہرا معیار اب بند ہونا چاہیے: زاہد حسین (چیئرمین PFA) اسلام آباد: پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن کے چیئرمین زاہد حسین نے اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نافذ کردہ اوقاتِ کار کے اطلاق میں واضح امتیاز پر کڑی تنقید کرتے ہوئے اسے تاجر برادری کے ساتھ سنگین ناانصافی قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک ہنگامی بیان میں کہا: "انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ وفاقی دارالحکومت کا عام تاجر تو قانون کی پاسداری کرتے ہوئے رات 8 بجے اپنی دکانیں اور شوروم بند کر کے گھروں کو روانہ ہو جاتا ہے، لیکن دوسری طرف فرنیچر نمائش کے نام پر شادی ہالوں میں تجارتی سرگرمیاں رات 10 بجے تک پورے زور و شور سے جاری ہیں۔ 15، 16 اور 17 مئی کو ٹیولپ مارکی میں لگی یہ نمائش اس بات کا ثبوت ہے کہ انتظامیہ کی گرفت صرف کمزور تاجر پر ہے، جبکہ بڑے ہالوں میں ہونے والے کروڑوں روپے کے اس غیر قانونی کاروبار پر سب نے آنکھیں بند کر رکھی ہیں۔" چیئرمین زاہد حسین نے ڈی سی اسلام آباد سے براہِ راست سوال کیا ہے کہ: کیا یہ دہرا معیار نہیں ہے کہ ایک رجسٹرڈ دکاندار جو سارا سال ٹیکس دیتا ہے، اسے تو 8 بجے شٹر گرانے پر مجبور کیا جائے، لیکن عارضی طور پر ہال بک کروا کر کروڑوں روپے سمیٹنے والوں کو رات دیر تک کھلی چھوٹ دے دی جائے؟ انتظامیہ کے پاس ان دوہرے قوانین کا کیا جواز ہے؟ کیا شادی ہالوں میں ہونے والی یہ تجارتی نمائشیں قانون سے بالاتر ہیں؟ زاہد حسین نے مزید کہا کہ اس قسم کی ناانصافی سے مقامی دکانداروں میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ڈی سی اسلام آباد فوری طور پر اس معاملے میں مداخلت کریں اور ان نمائشوں کے اوقاتِ کار کو بھی شہر کے باقی بازاروں کے برابر لائیں، تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔ اگر شہر 8 بجے بند ہو رہا ہے، تو پھر یہ اصول سب کے لیے ایک ہی ہونا چاہیے۔

راولپنڈی پولیس کے غازی کانسٹیبل محمد زبیر خالق حقیقی سے جا ملے

غازی کانسٹیبل محمد زبیر بغرض علاج معالجہ POF ہسپتال واہ کینٹ داخل تھے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی پولیس کے غازی کانسٹیبل محمد زبیر خالق حقیقی سے جا ملے، غازی کانسٹیبل محمد زبیر بغرض علاج معالجہ POF ہسپتال واہ کینٹ داخل تھے، جو دوران علاج معالجہ برین ہیمرج ہونے سے وفات پا گئے، متوفی کی نماز جنازہ انکے رہائشی علاقہ تھانہ ٹیکسلا میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں پولیس افسران سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، غازی کانسٹیبل محمد زبیر 1995 میں محکمہ میں بطور کانسٹیبل بھرتی ہوئے، مرحوم انتہائی محنتی اور قابل پولیس افسر تھے جنکی راولپنڈی پولیس کے لئے خدمات قابل قدر ہیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ دکھ کی اس کھڑی میں لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں

پروفیسر سیف اللہ خالد کا القدس میڈیکل سنٹر کا دورہ، جلد ڈائیلاسز سنٹر قائم کرنے کا اعلان

مرکزی مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل پروفیسر سیف اللہ خالد نے القدس میڈیکل سنٹر راولپنڈی کا دورہ کیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) مرکزی مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل پروفیسر سیف اللہ خالد کا القدس میڈیکل سنٹر کا دورہ، جلد ڈائیلاسز سنٹر قائم کرنے کا اعلان مرکزی مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل پروفیسر سیف اللہ خالد نے القدس میڈیکل سنٹر راولپنڈی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی انجینئر مبین صدیقی نے انہیں میڈیکل سنٹر کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا اور فراہم کی جانے والی طبی سہولیات سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران پروفیسر سیف اللہ خالد نے فری میڈیکل سنٹر، ڈسپنسری، میڈیکل لیب اور دیگر سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ کی سیاست خدمت انسانیت کے عملی تصور پر مبنی ہے اور القدس میڈیکل سنٹر راولپنڈی کے عوام کیلئے اسی خدمت کا بہترین نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے اور مرکزی مسلم لیگ دکھی انسانیت کی خدمت کے مشن کو مزید وسعت دے رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے فلاحی منصوبے معاشرے میں امید اور سہارا فراہم کرتے ہیں۔ اس موقع پر انجینئر مبین صدیقی نے کہا کہ القدس میڈیکل سنٹر میں فری میڈیکل سہولیات، ڈسپنسری اور میڈیکل لیب کے بعد جلد ڈائیلاسز سنٹر بھی قائم کیا جا رہا ہے تاکہ گردوں کے مریضوں کو جدید اور مفت علاج کی سہولت میسر آ سکے۔ دورے کے اختتام پر پروفیسر سیف اللہ خالد نے فلاحی منصوبے کو سراہتے ہوئے انتظامیہ کی کاوشوں کی تعریف کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ خدمت انسانیت کے اس سفر کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

چوڑی مارکیٹ میں مزدوروں کے ساتھ مبینہ ناانصافی کا انکشاف

مزدوروں کی حالت زار پر احتجاج، فوری کارروائی کا مطالبہ

حیدرآباد (ڈپٹی بیرو چیف محمد امین) حیدرآباد کی چوڑی مارکیٹ میں مزدوروں کے ساتھ ہونے والی مبینہ ناانصافیوں اور استحصال نے انسانیت کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے ۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک دل دہلا دینے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک غریب مزدور جس کے دونوں پیروں میں اسٹیل کی راڈیں لگی ہوئی ہیں، شدید جسمانی تکلیف اور بیماری کے باوجود چوڑیوں کے ڈبے بنانے پر مجبور ہے تاکہ چند سو روپے کما کر اپنے بچوں کا پیٹ پال سکے اور اپنی دوائی خرید سکے ۔ ویڈیو میں مزدور کی لرزتی آواز، درد سے بھرا چہرہ اور بے بسی اس ظالمانہ نظام پر کئی سوالات کھڑے کر رہی ہے جہاں ایک زخمی اور بیمار انسان کو علاج اور آرام کے بجائے مسلسل مشقت پر مجبور کیا جارہا ہے ۔ ذرائع کے مطابق چوڑی مارکیٹ سے وابستہ مزدوروں کو صرف 600 سے 700 روپے یومیہ اجرت دی جارہی ہے جبکہ مہنگائی نے غریب طبقے کی زندگی مزید دشوار بنا دی ہے۔

مزدوروں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ فیکٹری مالکان اور کاروباری افراد لاکھوں روپے کماتے ہیں مگر اصل محنت کش دو وقت کی روٹی، علاج، تعلیم اور بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں ۔ ان کا کہنا تھا کہ لیبر قوانین کی کھلے عام خلاف ورزیاں کی جارہی ہیں لیکن متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں ۔ احتجاج کرنے والے مزدوروں نے لیبر ڈائریکٹر ، سوشل سیکیورٹی حکام، انسانی حقوق کے اداروں اور مزدوروں کے حقوق کے دعویدار افسران کی کارکردگی پر شدید سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا کہ غفلت برتنے والے ذمہ دار افسران کے خلاف فوری کارروائی کی جائے ۔ مزدوروں نے کمشنر حیدرآباد، ڈپٹی کمشنر، ڈائریکٹر لیبر، صوبائی محتسب اعلیٰ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر اب بھی ان کی فریاد نہ سنی گئی تو کئی مزدور غربت، بیماری اور بھوک کے ہاتھوں زندگی کی بازی ہار جائیں گے۔

عیدالاضحیٰ پر صفائی انتظامات کے لئے اہم اجلاس منعقد

چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرزاق علی ڈوگر کی ہدایت پر صفائی آپریشن

سیالکوٹ (ڈپٹی بیورو چیف سہیل چوہدری) عیدالاضحیٰ کے موقع پر ضلع بھر میں مثالی صفائی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایس ڈبلیو ایم سی عبدالرزاق علی ڈوگر کی زیر صدارت ستھرا پنجاب ایجنسی سیالکوٹ ہیڈ آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں عید صفائی آپریشن، جدید ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم، آگاہی کیمپوں کے انعقاد، ویسٹ بیگز کی تقسیم، مساجد، قبرستانوں اور شہر کی اہم شاہراہوں میں چونا کاری کے خصوصی پلان سمیت شہری سہولیات کی فراہمی سے متعلق اہم ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ ستھرا پنجاب ایجنسی سیالکوٹ کی تمام چھٹیاں منسوخ رہیں گی جبکہ آپریشن ٹیمیں عیدالاضحیٰ کے تینوں دن 72 گھنٹے مسلسل فیلڈ میں متحرک رہیں گی تاکہ شہریوں کو صاف، ستھرا اور بہترین ماحول فراہم کیا جا سکے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرزاق علی ڈوگر نے ہدایت کی کہ صفائی آپریشن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور آلائشوں کی بروقت تلفی کیلئے جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اجلاس میں ایس ڈبلیو ایم سی کے تمام منیجرز اور کنٹریکٹرز نے شرکت کی اور عید صفائی پلان پر مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

بے زبان مخلوق کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے کی ضرورت

انسانیت کی کمی، جانوروں کی حفاظت کا مؤثر نظام قائم کریں



ساروکی چیمہ وزیر آباد (محمد طلحہ افضل) اب کا انسان، جانور سے بھی بدتر آج انسان نے ترقی کی بے شمار منزلیں طے کرلی ہیں، مگر افسوس انسانیت کہیں پیچھے رہ گئی ہے۔ اس دنیا میں سب سے زیادہ مظلوم وہ بے زبان مخلوق ہے جو نہ اپنی تکلیف بیان کر سکتی ہے اور نہ اپنے حق کے لیے آواز اٹھا سکتی ہے۔ ہم بول نہیں سکتے مگر ہمیں بھی درد ہوتا ہے۔ ہماری نہ کوئی پنشن ہے، نہ ریٹائرمنٹ، نہ کوئی سہارا اور نہ ہی کوئی پوچھنے والا۔ جب انسان ہمیں بے دردی سے مار دیتے ہیں تو ہمارے چھوٹے چھوٹے بچے، ہماری مائیں، باپ اور ساتھی بے سہارا رہ جاتے ہیں۔ ہم بھی بھوک، پیاس، خوف اور تکلیف محسوس کرتے ہیں مگر اپنی فریاد کسی تک نہیں پہنچا سکتے۔ یہ حقیقت ہے کہ بعض اوقات کتے انسان کو نقصان پہنچاتے ہیں، کاٹتے ہیں یا بیمار بھی ہو جاتے ہیں، مگر اس کا حل یہ ہرگز نہیں کہ ہمیں بے دردی سے مار دیا جائے۔ سوال یہ ہے کہ ہم بے زبان جانوروں کے لیے محفوظ مقامات، علاج اور ویکسینیشن کا مناسب انتظام کیا جائے تاکہ ہم بھی تندرست ہو کر اچھی زندگی گزاریں اگر انسان اپنی عمر میں محنت کرتا ہے تو اسے ملازمت، تنخواہ، پنشن اور ریٹائرمنٹ کے بعد سہارا مل جاتا ہے۔ اور اسکے بچے، گھر اور خاندان والے محفوظ ہو جاتے ہیں۔ لیکن ہم جانوروں کا نہ کوئی سہارا ہوتا ہے، نہ کوئی محفوظ جگہ، نہ کوئی علاج۔ جب ہمیں مار دیا جاتا ہے تو ہمارے چھوٹے چھوٹے بچے اور ہمارے اپنے کس اذیت سے گزرتے ہوں گے؟ وہ بھی درد محسوس کرتے ہیں، تڑپتے ہیں، مگر اپنی فریاد انسانوں تک نہیں پہنچا سکتے۔ دنیا کے کئی مہذب ممالک میں جانوروں کے لیے شیلٹر ہومز، ویکسینیشن مراکز اور محفوظ مقامات قائم کیے گئے ہیں تاکہ انسان اور جانور ایک دوسرے کے ساتھ پُرامن زندگی گزار سکیں۔ مگر ہمارے معاشرے میں اکثر آسان حل صرف قتل سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان میں بھی بعض اوقات متعلقہ ادارے آوارہ کتوں کو قابو کرنے کے نام پر ہمیں بے رحمی سے ختم کر دیتے ہیں۔ ذرا سوچئے، اگر آپ پر بھی پتھر برسائے جائیں، لاتیں ماری جائیں اور نفرت کا نشانہ بنایا جائے تو آپ پر کیا گزرے گی؟ اگر انسان ایک لمحے کے لیے بھی ہم بے زبانوں کی زندگی محسوس کر لے تو شاید اس کے دل میں رحم پیدا ہو جائے۔ درد صرف انسان کو نہیں ہوتا، یہ ہم بے زبان مخلوق بھی اسی شدت سے تکلیف محسوس کرتی ہے۔ جس طرح سے انسان محسوس کرتا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت، متعلقہ ادارے اور عوام سب مل کر انسانیت، رحم دلی اور شعور کا مظاہرہ کریں۔ ہم بے زبان جانوروں کے لیے محفوظ بندوبست، علاج اور دیکھ بھال کا مؤثر نظام قائم کیا جائے۔ کیونکہ جو معاشرہ بے زبان مخلوق پر رحم نہیں کرتا، وہاں انسانیت بھی آہستہ آہستہ دم توڑ دیتی ہے۔

آریوجے کی نومنتخب باڈی کو مرزا تیمور وارثی کی مبارکباد

گوجرخان میں آریوجے کی نئی قیادت کا پرتپاک استقبال

گوجرخان: آریو جے کی نومنتخب باڈی کو مبارکبادوں کا سلسلہ جاری، مرزا تیمور وارثی اور مرزا خرم کی مرکزی دفتر آمد گوجرخان (وقار بٹ سے) ریجنل یونین آف جرنلسٹس (آر یو جے) گوجرخان کی نومنتخب باڈی کو مبارکباد پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں معروف سماجی و عوامی شخصیات مرزا تیمور وارثی اور مرزا خرم اپنے ساتھیوں کے ہمراہ آریوجے کے مرکزی دفتر پہنچے، جہاں انہوں نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے پھولوں کے ہار پہنائے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ مرکزی دفتر آمد پر وفد کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر آر یو جے گوجرخان کے صدر خان لیاقت علی، جنرل سیکرٹری راجہ عادل، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر وقار احمد بٹ، قدیر قریشی اور دیگر عہدیداران کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ٹیم اپنی صلاحیتوں اور تجربے کے ذریعے صحافتی برادری کو متحد اور فعال بنانے میں کامیاب ہوگی۔ اس موقع پر آر یو جے کے عہدیداران نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی حوصلہ افزائی اور اعتماد ان کے لیے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تنظیم صحافیوں کے مسائل کے حل، پیشہ ورانہ معیار کی بہتری اور معاشرتی مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ تقریب خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی جہاں مہمانوں اور صحافیوں کے درمیان باہمی تعاون اور اتحاد کو فروغ دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوا

دیگر حادثات میں متعدد نوجوان بھی شدید زخمی ہوگئے

کامونکے (کرائم رپورٹر محمد سعید سے) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز سلامت پورہ کا اٹھارہ سالہ اسد موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں بارہ سالہ ثانیہ، اکیس سالہ بابر، سترہ سالہ عبدالرحمن، اٹھارہ سالہ احمد، اُنیس سالہ عمر اور سولہ سالہ محمد سیف شدید زخمی ہوگیا۔ زخمیوں کو طبی امداد کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔۔۔

پولیس نے چوری اور تشدد کے مقدمات درج کر لئے ہیں

مختلف علاقوں میں چوری اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کی گئی

کامونکے (تحصیل رپورٹر پیر فضل احمد نقشبندی سے) پولیس نے چوری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی بلا لائسنس اسلحہ شراب اور تشدد کے مقدمات درج کر لئے ہیں بتایا گیا ہے کہ چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی چیزوں سے محروم ہوگئے۔ گذشتہ رات محلہ رسولنگر کے شکیل کے گھر سے نامعلوم چور موبائل فون چوری کر کے لے گئے۔ عامر کے گھر کا میٹر بجلی چوری ہوگیا۔ جبکہ موضع بھروکی ورکاں کے جہانگیر احمد کی حویلی مویشیاں سے نامعلوم چور بھینس اور اُسکا بچہ چوری کر کے لے گئے۔ پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔۔۔ پٹرولنگ پولیس کے اے ایس آئی آئی قیصر نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر مرید کے کے رکشہ ڈرائیور اعمد مقبول کو گرفتار کر کے تھانہ صدر میں مقدمہ درج کروادیا ہے۔۔۔ ایمن آباد پولیس نے دوران گشت موضع ڈھلانوالی کے محمد رمضان سے بلا لائسنس تیس بور پستول برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔۔۔۔ ایمن آباد پولیس نے دوران گشت گوجرانوالہ کے اقبال مسیح سے پانچ لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔۔۔ گھریلو ناچاقی پر کوٹلی نو کی زیب النساء کو اُسکے دیور محمد عقیل نے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا۔ وہاں ڈپو پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔۔۔

اجالا کمیونٹی نیٹورک چینل کا افتتاحی تقریب کا انعقاد

ڈاکٹر عامر صدیق جکھڑ نے اجالا کمیونٹی نیٹورک کا آغاز کیا

ماموں کانجن ،ڈاکٹر عامر صدیق جکھڑ کی جانب سے عائشہ عامر ہسپتال کے بعد ،اجالا، کمیونٹی نیٹورک چینل کا آغاز کر دیا گیا افتتاحی تقریب میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی ماموں کانجن (کاشف نواز) تفصیلات کے مطابق عائشہ عامر میموریل ہسپتال کے سی ای او ڈاکٹر عامر صدیق کی جانب سے اجالا کمیونٹی نیٹورک چینل کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی تقریب کے دوران اردو پنجابی گانوں اور شاعری کے مقابلوں نے شرکاء کو خوب متاثر کیا پوزیشن ہولڈرز کو نقد انعامات سے بھی نوازہ کیا ڈاکٹر عامر صدیق اور صدر بار تاندلیانوالہ مصطفٰے وٹو ،ضیاء جکھڑ، افتخار جکھڑ نے خطاب ہوئے کہا کہ اجالا کمیونٹی نیٹورک کے پلیٹ فارم سے باصلاحیت افراد سٹاک ٹریڈر، کاروباری تجربہ کاری، سپورٹس اینا لسٹ ،نیوز رپوٹرز، پوڈکاسٹ کرنے سمیت و دیگر شعبہ جات میں اپنا ٹیلنٹ دیکھا سکیں گے اجالا کیونٹی کے ذریعے نوجوانوں کو بیرون ممالک میں بھی روزگار کے مواقع بھی فراہم کئے جائینگے اجالا کیونٹی نیٹ ورک کے ذریعے علاقے کے مسائل بھی اوجاگر کئے جائینگے

سٹی پریس کلب ماموں کانجن کا اجلاس زیر صدارت میاں نوید اقبال

اجلاس میں نئے ممبران کا خیر مقدم، صحافتی امور پر گفتگو

ماموں کانجن (کاشف نواز) تفصیلات کے مطابق سٹی پریس کلب ماموں کانجن کا اجلاس زیر صدر پریس کلب میاں نوید اقبال کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں سرپرست اعلی سید اظہر حسن نقوی، چیئر مین زاہد مانگٹ، جنرل سیکریٹری رانا سمیع ، سینئر نائب صدر محسن محمود، نائب صدر برکت علی پرہانہ، نائب صدر ملک رضوان، وائس چیئرمین ذیشان مارتھ، جنرل مارتھ ایڈیشنل جنرل سیکریٹری، شیخ سلیم فنانس سیکریٹری، کاشف نواز انفارمیشن سیکریٹری ،نعمان مانگٹ جوائنٹ سیکریٹری، قاسم شریف ڈپٹی فنانس سیکریٹری ،میاں عزیر سعید، علی حسنین، محمد علی سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی سٹی پریس کلب میں نئے شامل ہونے والے ممبران سید اظہر حسن نقوی اور مہر برکت پرہانہ کو ویلکم کیا گیا اجلاس میں صحافتی امور، پریس کلب کی بہتری ممبران کے باہمی تعاون اور صحافت کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی پریس کلب کی آئندہ سہ گرمیاں تنظیمی معاملات زیر بحث رہے سید نعیم الحسن نقوی کو لیگل ایڈوائزر بھی نامزد کیا گیا پریس کلب کے ایک سابقہ ممبر کی ممبر شپ بھی منسوخ کر دی گئی

سبزی منڈی رینالہ خورد میں نئی انتظامیہ کا انتخاب

ظہور احمد شاہین نے پھل و سبزی منڈی کی بہتری کی یقین دہانی کرائی

چوپچ (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سبزی منڈی رینالہ خورد میں آڑھتیوں کی پر وقار تقریب منعقد ہوئی جس میں معززین شہر راو عمران علی واجد جنرل سیکرٹری تحصیل بار ایسوسی ایشن سینیئر قانون دان چوہدری محمد جمیل جٹ صدر مرکزی انجمن تاجران حقیقی چوہدری شکیل احمد جماعت اسلامی کے سابقہ امیدوار برائے صوبائی اسمبلی رائے عتیق کھرل انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ کے نائب صدر ملک محمد عباس اعوان صدر سکریپ یونین حاجی محمد اسلم سجاد تحصیل صدر رسول سوئچر موومنٹ اشرف سجاد اور پھل و سبزی منڈی کے آڑھتیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور کثرت رائے سے ظہور احمد شاہین چیئرمین چوہدری دلشاد صدر اور چوہدری محمد نزیر کو متفقہ طور پر کثرت رائے سے جنرل سیکرٹری منتخب کر لیا گیا معززین محفل نے منتخب عہدے داران کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد دیتے ہوئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر چیئرمین ظہور احمد شاہین کا کہنا تھا کہ پھل و سبزی منڈی میں درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر محنت کروں گا اور رینالہ خورد کی پھل و سبزی منڈی کو ایک مثالی منڈی بناؤں گا میں اپنے تمام آڑھتی بھائیوں کا دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے ہمیں ووٹ اور سپورٹ کیا آخر میں ظہور احمد شاہین نے آنے والے تمام معززین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جنہوں نے ہماری محفل میں آکر اس کو چار چاند لگائے

قصور میں خطرناک ڈکیت گینگ کے 03 ارکان گرفتار

ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی ہدایت پر کامیاب کاروائی

خصوصی نمائندہ الہ اباد ملک عبیداللہ قصور/ ڈکیت گینگ کے 03 ارکان گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد قصور۔ ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی ہدایت پر تھانہ الہ آباد پولیس کی کامیاب کاروائی قصور۔ الہ آباد میں دوران رابری فائر مار کر زخمی کرنیوالا ایکٹو ڈکیت گینگ کے 03 خطرناک ارکان گرفتار، سرغنہ منیر عرف منیری فرار قصور۔ ملزمان قدیر، طارق اور عامر کے قبضہ سے لوٹی گئی لاکھوں روپے کی نقدی رقم اور ناجائز اسلحہ برآمد قصور۔ ایس ایچ او محمد ارشاد کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے پیشہ وارانہ مہارت اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا قصور۔ ملزمان نے دوران رابری سر فراز عرف مانے قصائی کو فائر مارنے سمیت الہ آباد میں 06 رابری کی وارداتوں کا انکشاف کیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے قصور۔ خطرناک ڈکیت گینگ کی گرفتاری پر الہ آباد اور گردونواح میں سکون جرائم واضح کی قصور۔ ڈی پی او قصور نے اچھی کارکردگی پر تھانہ الہ آباد پولیس کو شاباش اور تعریفی اسناد کا اعلان کیا ہے ڈسٹرکٹ پولیس قصور

عوام پاکستان پارٹی کی تقریب میں مرکزی رہنماؤں کی شرکت

جنوبی پنجاب میں عوام پاکستان پارٹی کی تنظیمی بنیادوں کو مضبوط کرنے کا عزم

ملتان (اعجاز حسین آسی کرائم رپوٹر نوید پاکستان) عوام پاکستان پارٹی کے مرکزی قائدین کے اعزاز میں ایک شاندار، باوقار اور تاریخی نوعیت کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا اہتمام ٹیم سید زعیم حسین قادری صاحب اور جناب علی الحسن قادری صاحب اعجاز حسین آسی صاحب جناب حسنین خان صاحب، یوتھ آرگنائزر جنوبی پنجاب عوام پاکستان پارٹی، کی جانب سے کیا گیا۔ اس تقریب میں عوام پاکستان پارٹی کے مرکزی صدر، سابق وزیر اعظم پاکستان جناب شاہد خاقان عباسی اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات جناب ڈاکٹر ظفر مرزا نے خصوصی شرکت کی۔ دونوں رہنماؤں نے شرکاء سے تفصیلی ملاقات کی، سیاسی و تنظیمی امور پر گفتگو کی اور کارکنان کے جذبات کو سراہا۔ تقریب میں جنوبی پنجاب کی ممتاز کاروباری، سماجی اور سیاسی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء میں قاری میاں عبدالرؤف (سی ای او گلستان مارکیٹنگ)، رائے لیاقت کھرل (سی ای او احمد کنکریٹ ملتان)، خضر شاہ (سابق صدر انجمن تاجران مصوم شاہ روڈ ملتان)، میاں اکمل صہیم، کاشف سعید خان (سابق رہنما مسلم لیگ ن)، اعجاز حسین آسی (مرکزی جوائنٹ سیکرٹری عوام پاکستان پارٹی)، ساجد زوہیب (سیکرٹری اطلاعات جنوبی پنجاب یوتھ ونگ)، فہد اکمل، رفیق کریمی، کنور جیلانی اور دیگر معزز شخصیات شامل تھیں۔ تقریب کے دوران میاں اکمل صہیم نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے عوام پاکستان پارٹی کی قیادت اور منشور پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور اپنے ساتھیوں کے ہمراہ باقاعدہ طور پر عوام پاکستان پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا، جس پر شرکاء نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی صاحب نے کہا کہ اس وقت ملک کی تین بڑی سیاسی جماعتیں اقتدار میں ہیں، مگر ملک میں آئین اور قانون کی بالادستی عملی طور پر نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ جب تک عوام کی حقیقی نمائندہ حکومت قائم نہیں ہوتی، ملک ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتا۔ اس موقع پر میزبان جناب حسنین خان صاحب نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں کیونکہ غریب عوام ان کے جبر سے تنگ آ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت اب مزید اقتدار میں رہنے کی صلاحیت نہیں رکھتی اور اسے اب گھر چلے جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم آئین اور قانون کی حکمرانی اور بالادستی پر مکمل یقین رکھتے ہیں اور انشاء اللہ عوام پاکستان پارٹی ہی اس قوم کی نجات دہندہ جماعت بن کر سامنے آئے گی۔ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری اعجاز حسین آسی صاحب نے کہا کہ جب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں آئے گا، معاشی استحکام کا آنا انتہائی مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت بری طرح ناکام ہو چکی ہے اور مسلم لیگ (ن) کو قوم سے معافی مانگنی چاہیے۔ سیکرٹری اطلاعات جنوبی پنجاب یوتھ ونگ ساجد زوہیب صاحب نے کہا کہ حکومت آئے روز غریب عوام پر پٹرول بم گرا رہی ہے جس کے باعث مہنگائی میں شدید اضافہ ہو رہا ہے اور عام آدمی کی زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں، غربت نے زندگی اجیرن کر دی ہے اور بعض افسوسناک حالات میں مائیں اپنے معصوم بچوں کے ساتھ انتہائی مجبوریوں کے باعث سخت فیصلوں پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ہی ملک کے مسائل حل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے اور الحمدللہ پارٹی کے پاس قابل، مخلص اور باصلاحیت قیادت موجود ہے جو پاکستان کی تقدیر بدلنے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ شرکاء نے اس موقع پر شاہد خاقان عباسی صاحب کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ اپنے خطاب میں جناب حسنین خان صاحب نے کہا کہ انشاءاللہ عیدالاضحیٰ کے بعد ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان میں بڑے جلسوں کا انعقاد کیا جائے گا اور جنوبی پنجاب کو عوام پاکستان پارٹی کا مضبوط سیاسی قلعہ بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان، تاجر، کسان اور متوسط طبقہ پاکستان کی اصل طاقت ہیں اور انہی طبقات کو ساتھ لے کر حقیقی سیاسی تبدیلی برپا کی جائے گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی صاحب اور ڈاکٹر ظفر مرزا صاحب نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ملک میں اصولی، شفاف اور عوامی خدمت پر مبنی سیاست کے فروغ کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ آخر میں میزبان جناب حسنین خان صاحب نے تمام معزز مہمانوں اور شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی پنجاب کے نوجوان عوام پاکستان پارٹی کے پیغام کو گھر گھر پہنچا کر مثبت سیاسی تبدیلی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ تقریب کا اختتام اس عزم کے ساتھ ہوا کہ عوام پاکستان پارٹی جنوبی پنجاب میں اپنی تنظیمی و عوامی بنیادوں کو مزید مضبوط کرے گی اور عوامی خدمت کے نئے دور کا آغاز کرے گی۔

پنجاب کونسل آف دی آرٹس کے تقریری مقابلے میں شاندار کارکردگی

کالو کے ٹیلنٹ فورم کے طلبہ نے نمایاں کامیابیاں حاصل کیں

شیخوپورہ (صابر علی انصاری سے) پنجاب کونسل آف دی آرٹس، محکمہ اطلاعات و ثقافت حکومتِ پنجاب کے زیرِ اہتمام المحراآرٹس کونسل شیخوپورہ میں منعقدہ تقریری مقابلے میں کالو کے ٹیلنٹ فورم کے طلبہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ مقابلے میں 16 سال سے 30 سال تک کے مرد و خواتین مقررین نے بھرپور شرکت کی۔ تقریری مقابلے کا عنوان "ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں" تھا، جس میں خواتین کے احترام، کردار اور معاشرتی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ کالو کے ٹیلنٹ فورم کے پلیٹ فارم سے شرکت کرنے والے محمد رضوان جٹ نے بہترین اندازِ گفتگو اور پُراعتماد اندازِ پیشکش کے باعث ساتویں پوزیشن حاصل کی، جبکہ سحر افتخار اور فائزہ بی بی نے بھی نمایاں کارکردگی دکھا کر فورم اور اپنے علاقے کا نام روشن کیا۔ علاقہ مکینوں اور سماجی حلقوں نے طلبہ کی اس کامیابی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے علمی و ادبی مقابلے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بہاولپور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ نے غیر قانونی سگریٹ ضبط کرلی

انسپکٹر اسد ادیب کی قیادت میں کامیاب کارروائی، لاکھوں کا ٹیکس بچایا

بہاولپور (عطاءالمنعم سے) ایکشن اور مستعدی کی ایک بڑی مثال قائم کرتے ہوئے، بہاولپور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کے انسپکٹر اسد ادیب اور ان کی ٹیم نے میڈیا سے ملنے والی خفیہ اور پختہ معلومات پر فوری کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی سگریٹ ضبط کرلی ہے۔ میڈیا کے نمائندوں کو اس غیر قانونی کھیپ کی نقل و حمل (سمگلنگ) کے بارے میں مصدقہ معلومات موصول ہوئی تھیں، جسے انہوں نے فوری طور پر ایکسائز انسپکٹر اسد ادیب کے ساتھ شیئر کیا۔ معلومات کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے، انسپکٹر اسد ادیب نے بناوقت ضائع کیے اپنی ٹیم کے ہمراہ بتائی گئی جگہ پر چھاپہ مارا اور کارروائی کو کامیابی سے انجام دیا۔ یہ پوری کارروائی میڈیا اور ایکسائز ڈپارٹمنٹ کے بہترین تال میل کی وجہ سے ممکن ہو سکی۔ ضبط کی گئی سگریٹ کی اس کھیپ کے ذریعے حکومت کو لاکھوں روپے کے ریونیو (ٹیکس) کا چونا لگانے کی کوشش کی جا رہی تھی۔ ایکسائز ٹیم نے ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی شروع کر دی ہے اور یہ پتہ لگایا جا رہا ہے کہ اس سمگلنگ کے پیچھے کون سا برانڈ نیٹ ورک کام کر رہا تھا۔ ایکسائز انسپکٹر اسد ادیب نے میڈیا کی اس چوکسی اور تعاون کی تعریف کی ہے اور واضح کیا ہے کہ علاقے میں کسی بھی قسم کی ٹیکس چوری یا غیر قانونی سامان کی سمگلنگ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

تھانہ لوئی بھیر میں یوسف جٹ کی زیر نگرانی جرائم کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

ایس ایچ او یوسف جٹ کی زیر نگرانی جرائم کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

اسلام آباد (بیورو چیف ملک یاسر) کی رپورٹ کے مطابق تھانہ لوئی بھیر میں یوسف جٹ کی بطور ایس ایچ او تعیناتی کے بعد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کے باعث علاقے میں امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایس ایچ او یوسف جٹ نے چارج سنبھالتے ہی جرائم کے خاتمے، منشیات فروشی، غیر قانونی اسلحہ، چوری، ڈکیتی اور فحاشی کے اڈوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کرتے ہوئے سخت اور مؤثر کارروائیوں کا آغاز کیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ لوئی بھیر پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کیا، جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں اہم نیٹ ورکس کو بھی بے نقاب کیا گیا۔ پولیس نے موٹر سائیکل چوری میں ملوث منظم گینگ کو گرفتار کر کے متعدد چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں، جبکہ سونا چوری کرنے والے اشتہاری گروہ کی گرفتاری کو بھی پولیس کی بڑی کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایس ایچ او یوسف جٹ کی نگرانی میں سپا سینٹرز کی آڑ میں فحاشی کا دھندہ چلانے والوں کے خلاف بھی بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ متعدد مشتبہ مقامات پر چھاپے مار کر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کو قانون کے شکنجے میں لایا گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور نوجوان نسل کو تباہی سے بچانے کے لیے ایسے عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایس ایچ او تھانہ لوئی بھیر یوسف جٹ نے واضح اور دوٹوک مؤقف اپناتے ہوئے کہا ہے کہ تھانہ لوئی بھیر کی حدود میں کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمی، جرائم، منشیات فروشی یا فحاشی کے اڈے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا۔ علاقہ مکینوں اور سماجی حلقوں نے ایس ایچ او یوسف جٹ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ لوئی بھیر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف حالیہ کارروائیوں سے عوام میں اعتماد بحال ہوا ہے اور علاقے میں خوف کی فضا کم ہو

بقیہ 1

پر بریفنگ مانگ لی۔ وزیراعظم شہباز شریف رواں ہفتے جاتی امراء کے دورہ میں نواز شریف کو سیاسی ومعاشی صورتحال پر اعتماد میں لیں گے۔نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور دیگر وزراء بھی وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ ہوں گے۔نواز شریف کے ساتھ ملاقات میں بجٹ تجاویز ، معاشی اہداف اورعوامی ریلیف اقدامات پر مشاورت ہوگی اور اس دوران حکومتی اتحاد اور معاشی حکمت عملی سے متعلق اہم فیصلوں کا امکان ہے۔نواز شریف وفاقی بجٹ میں عوامی ریلیف سے متعلق گائیڈ لائن دیں گے۔

بقیہ 2

کریکٹر سرٹیفکیٹ کا نظام یکساں کردیا گیا، اب شہریوں کو الگ الگ صوبوں کے بجائے صرف نیشنل پولیس بیورو سے ہی سرٹیفکیٹ لینا پڑے گا۔نیشنل پولیس بیورو میں پاکستانیوں کا مرکزی ریکارڈ محفوظ کرلیا گیا، اب ملک بھر کے شہریوں کو کریکٹر سرٹیفکیٹ ایک جگہ سے جاری ہوگا۔پولیس تصدیق کا پیچیدہ عمل اب تیز اور مرکزی نظام سے منسلک ہوگیا،شہری گھر بیٹھے آن لائن پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرسکیں گے۔ملک بھر کا پولیس ریکارڈ پہلی بار ایک ڈیٹا بیس میں شامل کردیا گیا۔ اقدام سے بیرون ملک جانے والوں اور ملازمت کے امیدواروں کیلئے بڑی آسانی ہوگی۔

بقیہ 3

پولیس ہیڈ کوارٹر، کے پی سیف سٹیز پراجیکٹ اور سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بنوں میں شہید ہونے والے 15 پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ سے ملاقات بھی کی اور شہدا کی عظیم قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔وزیر داخلہ نے شہید اہلکاروں کی ماں سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ آپ جیسی ہاہمت ماں کا حوصلہ دیکھ کر ہمارا عزم مزید مضبوط ہوا ہے، جبکہ آپ کے شیر دل بیٹوں نے جوانمردی کی اعلی مثال قائم کرتے ہوئے شہادت کا عظیم رتبہ پایا۔دورے کے دوران سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا سے متعلق خصوصی بریفنگ بھی دی گئی، جس میں وزیر داخلہ کو خوارجیوں اور بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں سے آگاہ کیا گیا۔محسن نقوی نے سی ٹی ڈی کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، آپریشنل تیاریوں اور دہشتگردی کے خلاف کامیاب آپریشنز کو سراہتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا کی استعداد کار بڑھانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔وزیر داخلہ نے خیبر پختونخوا میں وفاقی اور صوبائی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان بہتر کوآرڈینیشن اور ہم آہنگی کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ لی۔ بعد ازاں محسن نقوی نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔انہوں نے کے پی سیف سٹیز پراجیکٹ کے انٹیگریٹڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا دورہ بھی کیا، جہاں جدید کیمرا ٹیکنالوجی کے ذریعے سرویلنس اور مانیٹرنگ سسٹم کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر آئی جی خیبر پختونخوا پولیس ذوالفقار حمید نے وزیر داخلہ کو سیف سٹی پراجیکٹ اور سی ٹی ڈی کی کارکردگی پر بریفنگ دی، جبکہ ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی نے ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ چیف سیکرٹری، آئی جی ایف سی کے پی نارتھ، آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری اور دیگر متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 4

پولیس نے لاہور سے گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے دیگر ملزمان کے ساتھ مل کر حملے کی منصوبہ بندی کی تھی، ملزم کو مزید تفتیش کے لیے مقامی پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ایوب گاڈھی پر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ان کے ڈیرے میں قاتلانہ حملے کیا گیا تھا جس میں وہ خود زخمی جبکہ 4 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ 5

کے مابین ٹریڈ اور ٹرانزٹ معاہدے اہمیت کے حامل ہیں، معرکہ حق میں آذربائیجان کی پاکستان کے لئے غیر متزلزل حمایت لائق تحسین ہے۔وہ آذربائیجان کے 108 ویں قومی دن کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔تقریب میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، شزاہ فاطمہ، فاروق ستار، مصدق ملک، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفی شاہ، پنجاب کے سینئر وزیر مریم اورنگزیب سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، مسلم ممالک کے سفیروں اور اہم شخصیات نے شرکت کی۔ سفیر خضر فرہادوف نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا خیر مقدم کیا۔عبدالعلیم خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آذربائیجان کے لئے پاکستان کی طرف سے خیر سگالی اور مبارکباد کا پیغام دیتے ہیں، آذربائیجان مسلم دنیا میں پہلے پارلیمانی جمہوریہ ملک کے اعزاز کا حامل ہے، گہرے تاریخی عوامل اور جدت کے ساتھ ابھرتا آذربائیجان کی انفرادیت ہے، وفاقی وزیر نے کہا کہ 1991 میں آذربائیجان کی آزادی کے بعد سے پاکستان کے مابین تعلقات کو نئی جہت ملی۔آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کے شاندار وژن کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک مل کر 21ویں صدی کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین ٹریڈ اور ٹرانزٹ معاہدے اہمیت کے حامل ہیں، خطے میں بالخصوص دونوں ممالک کے مابین زمینی رابطوں میں اضافے کے خواہاں ہیں۔گزشتہ سال 90 ہزار سے زیادہ پاکستانیوں نے آذربائیجان کی سیاحت کی۔اسلام آباد اور باکو کے درمیان روزبروز فاصلے کم ہورہے ہیں۔عبدالعلیم خان نے کہا معرکہ حق میں آذربائیجان کی پاکستان کے لئے غیر متزلزل حمایت لائق تحسین ہے۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ آذربائیجان کی پاکستان کے لئے غیر متزلزل حمایت لائق تحسین ہے۔پاکستانی عوام آذربائیجان کی طرف سے سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت پر شکرگزار ہیں۔مشکل کی گھڑی میں دیے گئے ساتھ کو کبھی بھول نہیں سکتے۔تقریب میں آذربائیجان کے قومی دن کے حوالے سے دھنیں، ثقافتی پروگرام، پاکستانی نغمے بھی شامل تھے۔تقریب میں آذربائیجان اور پاکستان کے پرچم اور قومی ترانوں کی گونج، پاک آذربائیجان دوستی زندہ باد کے فلوٹ بھی شامل تھے۔

بقیہ 6

لاہور میں جدید اسٹیٹ آف دی آرٹ کمپیوٹر لیب کا افتتاح کیا گیا۔ یہ کمپیوٹر لیب ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تعاون سے قائم کی گئی ہے جس کا مقصد طالبات کو جدید آئی ٹی تعلیم اور ڈیجیٹل سہولیات تک رسائی فراہم کرنا ہے۔تقریب میں ڈی پی آئی کالجز پنجاب انصر اظہر، گروپ ڈائریکٹر فنانس جے ڈی ڈبلیو محمد رفیق، پرنسپل کالج ڈاکٹر فوزیہ ناز، چیف ایگزیکٹو آفیسر ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن اکبر خان اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔کالج میں پانچ ہزار سے زائد طالبات زیر تعلیم ہیں جبکہ 187 سے زائد اساتذہ تدریسی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔تقریباً 12 ملین روپے کی لاگت سے تعمیر کی جانے والی اس جدید کمپیوٹر لیب میں طالبات کو جدید آئی ٹی سہولیات اور ڈیجیٹل لرننگ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی جانب سے طلبا وطالبات تک جدید آئی ٹی تعلیم کی رسائی یقینی بنانے کے لیے لودھراں، خانیوال، سرگودھا، فیصل آباد، ملتان اور لاہور سمیت مختلف شہروں میں متعدد تعلیمی منصوبوں پر کام جاری ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جہانگیر خان ترین نے کہا کہ جب میں نے بچیوں کی کمپیوٹر لیب میں کام کرتے ہوئے دلچسپی اور خوشی دیکھی تو یہ میرے لیے انتہائی مسرت کا باعث تھا۔ کمپیوٹرائزیشن آج کے دور میں بچیوں کا بنیادی حق ہے، طالبات کی تعلیم نہ صرف ان کے روشن مستقبل بلکہ ان کی معاشی خودمختاری کے لیے بھی ناگزیر ہے۔انہوں نے طالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی زندگی کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ جو کام شروع کریں اسے بہترین انداز میں مکمل کریں، مسلسل محنت کریں اور اپنی صلاحیتوں کے ذریعے اعلی مقام حاصل کریں۔ کیونکہ معاشرے کی مجموعی ترقی کا انحصار تعلیم اور معاشی بہتری پر ہوتا ہے۔ جہانگیر خان ترین نے مزید کہا کہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ اگر بیرون ملک جامعات میں داخلہ حاصل کرتے ہیں تو ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن ان کی معاونت، رہنمائی اور ممکنہ سہولیات فراہم کرے گی تاکہ باصلاحیت نوجوان عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرسکیں۔اپنے خطاب کے دوران جہانگیر خان ترین نے اپنے آبائی پس منظر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے آبا واجداد نے بلوچستان سے ہجرت کی تھی اور ملتان میں رہائش پذیر ہوئے۔ میری ہمیشہ یہ خواہش رہی کہ جہاں سے ہمارے بزرگوں نے سفر شروع کیا وہاں بھی خدمت کا کوئی کام کیا جائے۔ بدقسمتی سے وہاں آج بھی بنیادی تعلیمی سہولیات حتی کہ کمروں جیسی بنیادی ضروریات کا بھی فقدان ہے۔اسی لیے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ بلوچستان میں ایک خصوصی تعلیمی بلڈنگ تعمیر کی جائے گی تاکہ بچے بہتر ماحول میں تعلیم حاصل کرسکیں اور جدید کمپیوٹر لیب جیسی سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ 7

کردار کیخلاف بدنیتی پر مبنی منفی مہم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ممکن گھڑت خبروں کے پیچھے وہ عناصر ہیں جو خطے میں امن کیلئے پاکستان کا مثبت کردار اور دہشتگردی کے خلاف کامیاب جدوجہد کو قبول کرنے کو تیار نہیں۔اپنے بیان میں عطا تارڑ نے کہا کہ گزشتہ چند روز سے بیرون ملک سے کچھ لوگوں کی جانب سے پرتشدد مظاہروں کو ہوا دینے کی کوشش کی گئی۔ یہ ایک منظم گٹھ جوڑ ہے جس میں ایسے دانوں، اداروں اور حکومتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو اس پروگرام کے بانی تھے اور میرے قائد نواز شریف نے اسے نکتہ انجام تک پہنچایا۔ وزیراعظم نے اس سلسلے میں تمام ہیروز کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کے بعد اب ہمیں معاشی طاقت بننا ہے جس کیلئے ہم ایک ٹیم کی صورت میں دن رات کوشاں ہیں اور ان کوششوں کے نتائج آہستہ آہستہ سامنے آرہے ہیں، یہ دشوار گزار اور لمبا سفر ہے لیکن جو قومیں مشکلات اور چیلنجز سے نمٹنے کا فیصلہ کرلیتی ہیں کامیابی انکا مقدر ہوتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے میں جنگ سے تمام معیشتوں کو مسائل کا سامنا ہے ۔ فی الحال عارضی جنگ بندی ہے، پاکستان میں صورتحال خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں بہتر ہی رہی ہے، یہاں اس طرح قطاریں نہیں لگیں، سب نے ملکر صورت حال سے بہتر انداز میں نمٹنے کیلئے کام کیا۔ وزیراعظم نے دہشت گردکو روکتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے ریلوے ملازم لیاقت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ قوم کے ہیروز ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جو قربانیاں پاکستان کی مسلح افواج ، سکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور شہری دے رہے ہیں دنیا کی تاریخ میں اسکی مثال نہیں ملتی۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں شہدا کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔

بقیہ 8

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت فیصل آباد میں ہونے والی سنگین بدعنوانی کا خود پردہ فاش کر دیا، ستھرا پنجاب فیصل آباد میں گڑبڑ محسوس ہونے پر فوری طور پر مریم نواز نے آڈیٹر زکی خصوصی ٹیم فیصل آباد روانہ کی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ تحقیقاتی ٹیم نے میدان میں پہنچ کر ٹھیکیداروں اور سرکاری افسران کے درمیان ایک منظم گٹھ جوڑ بے نقاب کیا، فیصل آباد میں ستھرا پنجاب کے عوامی فنڈز کو ذاتی مفادات کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔ وزیر اطلاعات ونشریات پنجاب نے کہا کہ ستھرا پنجاب فیصل آباد کے گٹھ جوڑ براہِ راست ستھرا پنجاب کے منصوبوں کو نقصان پہنچا رہا تھا، ستھرا پنجاب تحقیقات کسی کی شکایت یا بیرونی دباؤ کا نتیجہ نہیں بلکہ وزیر اعلیٰ کی کڑی مانیٹرنگ کا ثمر ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ میری وزیر اعلیٰ مریم نواز کی آنکھ ہر گلی، ہر پراجیکٹ پر ہے، عوامی پیسے پر ڈاکہ ڈالنے والوں سے وزیر اعلیٰ پنجاب آہنی ہاتھ سے نمٹیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے کرپشن کے خاتمے کے لئے اپنی ٹیمز اور اینٹی کرپشن کو فری ہینڈ دے رکھا ہے، وزیر اعلیٰ صرف کرپشن ختم کرنے کی باتیں نہیں کرتیں بلکہ چوروں کو انصاف کے کٹہرے میں پہنچاتی ہیں

بقیہ 9

پاکستان کی مضبوط لائیسٹاک ہیں، مینوفیکچرنگ کی مہارت، اور چمڑے کے ملبوسات، دستانے، جوتے، ہینڈ بیگ اور دیگر ویلیو ایڈڈ مصنوعات میں برآمدی صلاحیت کے باوجود، اس شعبے کو متعدد ساختی رکاوٹوں کا سامنا ہے۔وفد نے وفاقی، صوبائی اور میونسپل حکام کی طرف سے متعدد معائنے، منظوریوں، سرٹیفکیشنز اور متعدد ٹیکسوں سے پیدا ہونے والے مجموعی بوجھ کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا۔ شرکا نے کاروبار کرنے میں آسانی اور آپریشنل مسائل کو کم کرنے کے لیے ایک آسان اور ہم آہنگ فریم ورک اور ون ونڈو فیسیلیٹیشن چینل کی ضرورت پر زور دیا۔صنعت کے نمائندوں نے بجٹ کی ابتدائی تجاویز بھی شیئر کیں جن میں ٹیرف ریشنلائزیشن، خام مال پر ڈیوٹی ایڈجسٹمنٹ اور ایکسپورٹ ہیڈ مینوفیکچرنگ یونٹس کے لیے ٹیکس ریلیف کے اقدامات شامل ہیں۔شرکا نے کہا کہ برآمد کنندگان کو وسیع تر صنعتی ماحولیاتی نظام میں سہولت فراہم کی جانی چاہیے۔وفاقی وزیر جام کمال خان نے کہا کہ سٹیک ہولڈرز کی جانب سے طلبا وطالبات تک جدید آئی ٹی تعلیم کی رسائی یقینی بنانے کے لیے لودھراں، خانیوال، سرگودھا، فیصل آباد، ملتان اور لاہور سمیت مختلف شہروں میں متعدد تعلیمی منصوبوں پر کام جاری ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جہانگیر خان ترین نے کہا کہ جب میں نے بچیوں کی کمپیوٹر لیب میں کام کرتے ہوئے دلچسپی اور خوشی دیکھی تو یہ میرے لیے انتہائی مسرت کا باعث تھا۔ کمپیوٹرائزیشن آج کے دور میں بچیوں کا بنیادی حق ہے، طالبات کی تعلیم نہ صرف ان کے روشن مستقبل بلکہ ان کی معاشی خودمختاری کے لیے بھی ناگزیر ہے۔انہوں نے طالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی زندگی کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ جو کام شروع کریں اسے بہترین انداز میں مکمل کریں، مسلسل محنت کریں اور اپنی صلاحیتوں کے ذریعے اعلی مقام حاصل کریں۔ کیونکہ معاشرے کی مجموعی ترقی کا انحصار تعلیم اور معاشی بہتری پر ہوتا ہے۔ جہانگیر خان ترین نے مزید کہا کہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ اگر بیرونِ ملک جامعات میں داخلہ حاصل کرتے ہیں تو ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن ان کی معاونت، رہنمائی اور ممکنہ سہولیات فراہم کرے گی تاکہ باصلاحیت نوجوان عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرسکیں۔اپنے خطاب کے دوران جہانگیر خان ترین نے اپنے آبائی پس منظر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے آبا واجداد نے بلوچستان سے ہجرت کی تھی اور ملتان میں رہائش پذیر ہوئے۔ میری ہمیشہ یہ خواہش رہی کہ جہاں سے ہمارے بزرگوں نے سفر شروع کیا وہاں بھی خدمت کا کوئی کام کیا جائے۔ بدقسمتی سے وہاں آج بھی بنیادی تعلیمی سہولیات حتی کہ کمروں جیسی بنیادی ضروریات کا بھی فقدان ہے۔اسی لیے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ بلوچستان میں ایک خصوصی تعلیمی بلڈنگ تعمیر کی جائے گی تاکہ بچے بہتر ماحول میں تعلیم حاصل کرسکیں اور جدید کمپیوٹر لیب جیسی سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ 10

اجلاس کی صدارت کی جس میں آئندہ بجٹ کیلئے ٹیکس پالیسی سے متعلق تجاویز پر غور وخوض جاری رکھا گیا۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جمعرات کو جاری بیان کے مطابق کمیٹی نے مختلف تجاویز پر پیش رفت کا جائزہ لیا اور اس بات پر زور دیا کہ متوازن اور ترقی پر مبنی اقدامات کئے جائیں جن کا مقصد ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا، محصولات میں اضافہ اور سرمایہ کاری سمیت معاشی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ کمیٹی نے اس بات کو بھی دہرایا کہ ایسی متوازن اور ترقی دوست پالیسیاں اپنائی جائیں جو محصولات میں اضافہ کریں جبکہ باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرنے والوں کو اضافی بوجھ سے محفوظ رکھا جائے۔ اجلاس میں وزیر برائے اقتصادی امور ڈویژن، وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے، سیکرٹری خزانہ، چیئرمین ایف بی آر اور متعلقہ وزارتوں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 11

وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکریٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی موجود تھے۔ اپنی گرمجوشی اور دوستانہ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے آزری وزیر کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ پاکستان اور آذربائیجان برادر ممالک ہیں جن کے تعلقات ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید مضبوط ہورہے ہیں۔ انہوں نے آذربائیجان کے صدر عزت مآب الہام علییوف کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور صدر الہام سے اس ہفتے کے شروع میں ہونے والی ان کی ٹیلی فونک گفتگو کا بھی ذکر کیا۔ وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے آذربائیجان کے وزیر نے گرمجوشی اور مہمان نوازی پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے وزیراعظم کو دونوں ممالک کے درمیان قانونی اور عدالتی تعاون کے شعبے میں جاری تعاون کے بارے میں آگاہ کیا۔ دونوں فریق باہمی قانونی معاونت کے طریقہ کار کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے عدالتی نظام کی استعداد کار کو یقینی بنانے کے لیے مل کر فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔وزیراعظم نے دونوں فریقین کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے بھائی صدر الہام علییوف سے جلد ملاقات کے منتظر ہیں تاکہ دونوں فریقوں کے درمیان تمام شعبوں میں بہترین دوطرفہ تعاون کو جاری رکھا جاسکے۔

بقیہ 12

جوان مردی سے دشمن کو وہ سبق سکھایا جو اسے رہتی دنیا تک یاد رہے گا، اب 28 مئی کی آمد آمد ہے، تاریخ اس دن کو ہمیشہ یاد رکھے گی، پاکستان کا ایٹمی پروگرام رہتی دنیا تک اسکا دفاعی اثاثہ رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ہمیشہ یہ سوچ اور قومی بیانیہ رہا ہے کہ ہمارا ایٹمی پروگرام دفاعی مقاصد کیلئے ہے، جارحیت کیلئے نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ دنیا آج پاکستان کو ایک ذمے دار ایٹمی طاقت کے طور پر جانتی ہے۔ انہوں نے ملک کو ایٹمی طاقت بنانے والے سائنسدانوں ، سیاست دانوں، اداروں اور حکومتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو اس پروگرام کے بانی تھے اور میرے قائد نواز شریف نے اسے نکتہ انجام تک پہنچایا۔ وزیراعظم نے اس سلسلے میں تمام ہیروز کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کے بعد اب ہمیں معاشی طاقت بننا ہے جس کیلئے ہم ایک ٹیم کی صورت میں دن رات کوشاں ہیں اور ان کوششوں کے نتائج آہستہ آہستہ سامنے آرہے ہیں، یہ دشوار گزار اور لمبا سفر ہے لیکن جو قومیں مشکلات اور چیلنجز سے نمٹنے کا فیصلہ کرلیتی ہیں کامیابی انکا مقدر ہوتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے میں جنگ سے تمام معیشتوں کو مسائل کا سامنا ہے ۔ فی الحال عارضی جنگ بندی ہے، پاکستان میں صورتحال خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں بہتر ہی رہی ہے، یہاں اس طرح قطاریں نہیں لگیں، سب نے ملکر صورت حال سے بہتر انداز میں نمٹنے کیلئے کام کیا۔ وزیراعظم نے دہشت گردکو روکتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے ریلوے ملازم لیاقت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ قوم کے ہیروز ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جو قربانیاں پاکستان کی مسلح افواج ، سکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور شہری دے رہے ہیں دنیا کی تاریخ میں اسکی مثال نہیں ملتی۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں شہدا کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔

بقیہ 13

کا منتظر ہے۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کچھ رپورٹس میں تجویز کیا گیا کہ چینی فریق نے ہم پر ٹالثی کی کوششوں کو بڑھانے پر زور دیا جس کا مطلب ہے کہ پاکستان کو ڈومور کے پیراڈائم میں ترتیب دینے کے لیے کہا جارہا ہے جبکہ کچھ مقامی اخبارات کی خبروں کی کورتیج سے بھی یہی تاثر گیا۔انہوں نے کہا کہ میں ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ ایسی رپورٹیں کسی حد تک بات چیت کے سیاق و سباق کو غلط طریقے سے پیش کرتی ہیں، بات چیت کے دوران روایتی گرمجوشی اور ہم آہنگی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے گزشتہ ہفتے متعدد ہم منصبوں سے رابطے کیے، جبکہ نائب وزیراعظم نے خطے اور خطے سے باہر ایران اور امریکہ تنازع کے حل کے لیے بھی رابطے کیے۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان سے رابطہ کیا اور آسٹریا کے وزیر خارجہ سے علاقائی امن وسلامتی پر بات چیت کی۔ نائب وزیراعظم نے چینی وزیر خارجہ وانگ ژی سے بھی رابطہ کیا، جس میں دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان تعمیری اور بامقصد گفتگو ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان امریکی سی بی ایس نیوز کی اس رپورٹ کو مسترد کرتا ہے جس میں ایرانی طیاروں کی پاکستان میں موجودگی کا ذکر کیا گیا تھا۔ یہ رپورٹ بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان سی بی ایس نیوز کو مکمل مسترد کرتا ہے، امریکی سینیٹر کا بیان بھی اسی تناظر میں تھا اس کی وضاحت کر چکے ہیں، ایرانی مسافر جہاز ہن ان کا ایسی خبروں سے کوئی تعلق نہیں۔انہوں نے امریکی سینیٹر لنڈسے گراہم کے بیان کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ بیان سی بی ایس نیوز کی خبر کے فوری بعد جاری ہوا۔انہوں نے کہا کہ وقت کے فرق کی وجہ سے بیان کچھ تاخیر سے جاری ہوا، تاہم ہمارا مقف تمام حقیقی صورتحال کو واضح طور پر بیان کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بنوں نے فتح خیل پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور اس معاملے پر افغان ناظم الامور کو طلب کر کے ڈیمارش کیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت میں مذاکرات کی بات کرنے والی آوازیں ایک مثبت پیش رفت ہیں، اور پاکستان ان پر بھارتی حکومت کے مثبت ردعمل کا منتظر ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹریک ٹو یا بیک ڈور رابطوں کا علم نہیں تاہم امریکہ اور چین کے درمیان رابطوں کو دیکھ رہے ہیں۔ وزیراعظم کے دورہ چین کے حوالے سے تاریخیں فائنل ہونے پر اعلان کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ کشتواڑ اور لائن آف کنٹرول کے واقعات کے دو مختلف زاویے ہیں، جن میں انسانی حقوق اور امن و سکیورٹی کے پہلو شامل ہیں۔ اس حوالے سے ایل او سی پر ہمارے جوان چوکس ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان تمام ریاستوں کی خودمختاری اور برابری کے اصولوں کا احترام کرتے ہوئے علاقائی امن کے لیے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن، بحری سلامتی اور سفارتی روابط کے فروغ کے لیے تمام شراکت داروں کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے گا۔

بقیہ 14

کے دوران قطر کا تعاون انتہائی اہم رہا۔انہوں نے کہا کہ قطر کے ساتھ پاکستان کے برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں۔وفاقی وزیر پٹرولیم نے بتایا کہ وہ قطر کے وزیر توانائی سعد شریدہ الکعبی سے مسلسل رابطے میں رہے اور ایل این جی جہازوں کی آمد سے متعلق قریبی رابطہ کیا جس کے نتیجے میں دو ایل این جی کارگوز کامیابی سے پاکستان پہنچے۔وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان بلاتعطل ایل این جی سپلائی یقینی بنانے کے لیے قطر کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترجیح ہے کہ دوست اور برادر ممالک سے ضروری منظوریوں کے تحت توانائی سپلائی حاصل کی جائے تاکہ کسی جانی یا مالی نقصان کے بغیر قومی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی توانائی ضروریات کے پیش نظر اضافی گیس سپلائی کے حصول کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال سے اہم اسباق حاصل ہوئے ہیں اور وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور نائب وزیراعظم کی قیادت میں حکومت ایک جامع انرجی سکیورٹی پالیسی تشکیل دے رہی ہے تاکہ بیرونی چیلنجز کے مقابلے میں پاکستان کی توانائی صلاحیت کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔قطری سفیر علی بن مبارک الخاطر نے پاکستان کے لیے قطر کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ قطر کی قیادت نے پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ دونوں برادر ممالک کی قیادت کے درمیان گہرے تعلقات کا مظہر ہے۔قطری سفیر نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی ثالثی اور تعمیری کردار کو بھی سراہا۔ملاقات کے اختتام پر دونوں فریقین نے پاکستان اور قطر کے درمیان توانائی تعاون کو مزید فروغ دینے اور مستقبل میں مستحکم وقابل اعتماد ایل این جی اور توانائی سپلائی یقینی بنانے کے لیے قریبی رابطہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 15

ڈاکٹر فریاد حسین نے رواں سال کے پہلے چار ماہ (جنوری تا اپریل) کی کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ ایمرجنسی اور آؤٹ ڈور میں مجموعی طور پر 7 لاکھ 54 ہزار 350 مریضوں کا علاج کیا گیا، جبکہ شعبہ حادثات میں 3 لاکھ 65 ہزار 91 مریضوں کو مفت ادویات، تشخیصی ٹیسٹ، سی ٹی سکین اور آپریشن کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ اس عرصے کے دوران 35 ہزار 396 مختلف نوعیت کی سرجریاں کامیابی سے انجام دی گئیں۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاروق الفضل نے کہا کہ وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر عظمت محمود خان کی رہنمائی میں ہسپتال انتظامیہ مریضوں کی فلاح و بہبود کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ مانیٹرنگ وفیڈ بیک کا موثر نظام متعارف کرایا گیا ہے جس کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ جنرل ہسپتال مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صوبہ بھر کے عوام کو معیاری صحت کی خدمات فراہم کرتے ہوئے اپنے سفر کو مسلسل آگے بڑھاتا رہے گا۔ ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے بتایا کہ ڈسپلن، صفائی ستھرائی، ہیلتھ پروفیشنلز کی حاضری اور مریضوں کی بہتر نگہداشت کو یقینی بنانے کے لیے انتظامی ڈاکٹرز کی الگ الگ ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں ۔ ہسپتال کے اعداد وشمار کے مطابق اس مدت کے دوران تقریباً 8 لاکھ لیب ٹیسٹ، 1 لاکھ 6 ہزار 410 ایکسرے، 43 ہزار 728 الٹراساؤنڈ، 24 ہزار 90 سی ٹی سکین، 6 ہزار 639 ایم آر آئی، 83 میموگرافی، 2 ہزار 334 گیسٹروسکوپی، 30 ہزار سے زائد ای سی جی اور 6 ہزار 174 ڈائیلسز کئے گئے۔ اسی طرح دوسرے اضلاع سے 1 ہزار 423 مریض علاج کے لیے ریفر ہو کر ایل جی ایچ آئے۔

بقیہ 16

نے کی۔ وفد میں مسٹر برائن چن، فاطمہ ارشد اور منصور علی شامل تھے۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے وفد کے درمیان پنجاب نرسنگ اینڈ ہیلتھ ورک فورس ریفارم پراجیکٹ پر تبادلہ خیال ہوا۔ ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے وفد نے اس حوالہ سے بریفنگ بھی دی۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ن

راجپوت خدمت گروپ کا مرزا ثاقب بیگ کے والد کے انتقال پر تعزیت

رانا محمد اشرف نے سوگوار خاندان سے ہمدردی کا اظہار کیا

بھکر رانا محمد حنیف ڈپٹی بیورو چیف روزنامہ نوید پاکستان سرپرستِ اعلیٰ راجپوت خدمت گروپ پاکستان رانا محمد اشرف صاحب (انسپکٹر پنجاب پولیس، لائن آفیسر ڈسٹرکٹ پولیس لائن بھکر) نے وفد کے ہمراہ سینئر صحافی مرزا ثاقب بیگ کی رہائش گاہ واقع گلشنِ مدینہ قدیر بلاک پہنچ کر ان کے والدِ محترم کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مرحوم کے ایصالِ ثواب اور درجاتِ بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی جبکہ لواحقین سے اظہارِ ہمدردی کرتے ہوئے کہا گیا کہ راجپوت خدمت گروپ اس دکھ اور غم کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ کھڑا ہے۔

تعزیتی وفد میں راؤ فرحان، رانا وقار اشرف، بابر ٹھاکر اور رانا محمد حنیف شامل تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام اہلِ خانہ کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

ملک فاروق رئیس نے اپنے کردار سے دل جیت لیے

ملک فاروق رئیس کی قیادت کی مثالیں کاروباری حلقوں میں نمایاں ہیں

کسی بھی معاشرے میں وہ شخصیات ہمیشہ نمایاں مقام حاصل کرتی ہیں جو اپنی قابلیت کے ساتھ ساتھ اپنے کردار، اخلاق اور مثبت رویے سے بھی لوگوں کے دل جیت لیں۔ ملک فاروق رئیس چیئرمین الخدمت گروپ 999 آج انہی باوقار اور قابلِ احترام شخصیات میں شمار کیے جا رہے ہیں جنہوں نے اپنی محبت، خلوص، نرم مزاجی اور اتحاد کی سوچ کے ذریعے کاروباری، سماجی اور عوامی حلقوں میں ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے۔ ان کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ لوگ صرف نعروں یا دعوؤں سے متاثر نہیں ہوتے بلکہ عملی کردار، اچھے رویے اور اخلاص کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ ملک فاروق رئیس نے ہمیشہ کاروباری طبقے، سماجی حلقوں اور عام عوام کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھا اور ہر فورم پر اتحاد، بھائی چارے اور باہمی احترام کی فضا کو فروغ دینے کی کوشش کی۔ یہی وجہ ہے کہ آج نوجوان کاروباری شخصیات سے لے کر سینئر تاجروں اور سماجی شخصیات تک، ہر حلقہ ان کے نام کو عزت اور اعتماد کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے اپنی شخصیت اور کردار سے یہ ثابت کیا ہے کہ حقیقی قیادت وہی ہوتی ہے جو لوگوں کے دلوں کو جوڑنے، اختلافات کو ختم کرنے اور معاشرے کو ایک پلیٹ فارم پر متحد رکھنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔

شیخ عطاء المصطفےٰ قادری کا بلدیاتی انتخابات میں عوامی طاقت پر زور

پنڈی بھٹیاں میں ترقی کے وعدے، شیخ عطاء المصطفےٰ قادری کا عزم

پنڈی بھٹیاں (تحصیل رپورٹر) امیدوار برائے چیئرمین میونسپل کمیٹی پنڈی بھٹیاں شیخ عطاء المصطفےٰ قادری کی سب سے بڑے سوشل نیٹ ورک میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی بلدیاتی الیکشن ہوئے عوامی طاقت کا بھرپور مظاہرہ ہو گا شیخ عطاء المصطفےٰ قادری نے مزید کہا کہ انشاءاللہ سیاسی گدھ اور مسترد شدہ لوگوں کا صفایا ہو جائے گا اور ترقی کا دور دورہ ہو گا کئی بار جیتنے والوں نے علاقے کا بیڑا غرق کر دیا تاہم ہم علاقے کی ترقی کو اپنا مشن اور فرض آئین سمجھتے ہیں تفصیلات کے مطابق امیدوار برائے چیئرمین میونسپل کمیٹی پنڈی بھٹیاں نوجوان سماجی شخصیت فرزند ارجمند شیخ عبدالخالق قادری شیخ عطاء المصطفےٰ قادری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انشاءاللہ وہ وقت دور نہیں جب میرے علاقے میں پارک گراؤنڈز اور قبرستان کے لیے جگہ منظور کروائی جائے گی ان باریاں لینے والوں سیاستدانوں نے میرے علاقے کو اندھیروں میں دھکیل دیا ہے اب ترقی کا دور دورہ ہو گا وہ زیادہ دور کی بات نہیں انشاءاللہ میں بلا مقابلہ چیئرمین بنوں گا صحیح طریقے سے عوام کی خدمت کروں گا اور عوامی خادم بن کر رہوں گا

بہاولنگر میں پولیس مقابلہ، خطرناک ڈاکو وسیم اکرم ہلاک

دو ڈاکو اندھیرے میں فرار، پولیس نے سرچ آپریشن شروع کیا

بہاول نگر (ڈپٹی بیورو چیف محمد وسیم ستار) بہاولنگر میں رات گئے مبینہ پولیس مقابلہ، خطرناک ڈاکو ہلاک، دو ساتھی اندھیرے میں فرار بہاولنگر میں تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقے میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ ہوا جس کے دوران ایک مبینہ ڈاکو ہلاک جبکہ اس کے دو ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ پولیس نے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق مقابلہ اس وقت پیش آیا جب پولیس مشکوک افراد کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کے لیے پہنچی۔ پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان نے مبینہ طور پر فائرنگ شروع کر دی، جس کے جواب میں پولیس نے بھی جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم شدید زخمی ہو گیا جو بعد ازاں دم توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت وسیم اکرم کے نام سے ہوئی ہے، جو ڈکیتی، راہزنی اور چوری کے متعدد مقدمات میں مطلوب اور ریکارڈ یافتہ ملزم تھا۔ ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ فرار ہونے والے دو ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف علاقوں میں چھاپے مارے جا رہے ہیں جبکہ جائے وقوعہ سے اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عمران کھوکھر کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بہاولنگر میں معمولی تکرار پر عادل عزیز کو قتل کر دیا گیا

بہاولنگر: فائرنگ کے واقعے میں ملزمان فرار، پولیس نے تفتیش شروع کی

بہاول نگر (ڈپٹی بیورو چیف محمد وسیم ستار) بہاولنگر میں معمولی تکرار پر ایک شخص عادل عزیز عرف سنی چشتی کو سر میں گولی مار کر قتل کر دیا، ملزمان فرار، علاقے میں خوف و ہراس، پولیس نے تفتیش شروع کر دیا بہاولنگر کے علاقے فیصل کالونی میں معمولی تکرار خونریز کا رخ اختیار کر گیا، جہاں فائرنگ کے نتیجے میں 42 سالہ شخص جان کی بازی ہار گیا جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ متوفی کے بھائی ساجد نے پولیس کو بتایا کہ خاور ولد مظہر اور فخری شاہ نے اس کے بھائی عادل عزیز چشتی کو قتل کیا ہے۔ اسکا کہنا تھا کہ خاور نے پستول سے فائر کیا جو عادل عزیز کے سر اور گردن کے قریب لگا، جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم فوری طور پر روانہ کی گئی، تاہم اہل خانہ زخمی کو نجی رکشے کے ذریعے پہلے ہی ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کر چکے تھے جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے شروع کر دیے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

اوڈ پریمیئر لیگ کی ٹرافی رونمائی کی پروقار تقریب

کرکٹ شائقین کے لیے اوڈ پریمیئر لیگ کی خوشخبری، تقریب منعقد



میاں چنوں (مقصود احمد بلوچ) او پی ایل (اوڈ پریمیئر لیگ) جس کا انعقاد 2، 3 اور 4 جون کو ہو گا، کرکٹ کے شوقین افراد کے لیے یقیناً ایک بڑی خوشخبری ہے۔ اس حوالے سے 15 مئی کی رات ٹرافی کی رونمائی کی ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس میں مہمانِ خصوصی سمیت کرکٹ سے محبت رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران ہمارے کمنٹیٹر محمد شہباز نے شاندار کمنٹری کے ذریعے محفل کو خوب گرمایا۔ اس کے علاوہ ندیم اوڈ اور شان اوڈ اس پریمیئر لیگ کے انعقاد میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جو کہ پہلے بھی کامیابی سے ایسے ایونٹس منعقد کروا چکے ہیں۔ ان کی کاوشوں کی بدولت شائقین کو ہمیشہ معیاری اور دلچسپ کرکٹ دیکھنے کو ملتی ہے۔ ہم ندیم اوڈ، شان اوڈ اور ان کی پوری ٹیم کو اس بہترین ایونٹ کے انعقاد پر خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، جبکہ تمام شرکت کرنے والی ٹیموں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ایسے ایونٹس کے تسلسل سے کرکٹ کے میدان آباد رہتے ہیں اور شائقین کو بہترین کھیل دیکھنے کا موقع ملتا رہتا ہے۔ ٹرافی رونمائی کی تقریب نہایت شاندار رہی، جس میں شرکاء نے خوب لطف اٹھایا۔ اس موقع پر مہمانوں کے لیے بہترین کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا، جسے سب نے خوب سراہا۔

آئی جی اسلام آباد نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کی ہدایت کی

امن وامان کا قیام اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، آئی جی

اسلام اباد (رجب علی) ملاقات کے دوران آئی جی اسلام آباد نے جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور قانون شکن افراد کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر اور تیز کرنے کی ہدایت جاری کی۔ انہوں نے زیرِ نگرانی علاقوں میں گشت کے نظام کو بہتر بنانے، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانے اور پولیسنگ کے معیار کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ عوام کے اعتماد کی بحالی اور امن وامان کا قیام اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، فوری رسپانس اور میرٹ پر مبنی کارروائیوں کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو بہترین پولیس سروسز فراہم کی جا سکیں۔ ایس پی رورل زون زیشان علی نے آئی جی اسلام آباد کو جرائم کے خاتمے، سکیورٹی اقدامات اور جاری آپریشنز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ آئی جی اسلام آباد نے رورل زون پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔

اوچ شریف میں کپاس کے حوالے سے میگا سیمینار کا انعقاد

کاشتکاروں کو کھادوں کے متوازن استعمال کی ہدایت دی گئی

اوچ شریف (رجب سیال) اسسٹنٹ ڈائریکٹر احمد پور شرقیہ خالد مصطفیٰ اور سینئر زراعت آفیسر محمد ارشد مرکز اوچ شریف، کامران جبار، سینئر زراعت آفیسر سرکل احمد پور شرقیہ، کے ہمراہ موضع خرم پور میں زمیندار اعلیٰ یاسین کے ڈیرے پر میگا سیمینار برائے کپاس کا انعقاد کیا کثیر تعداد میں کاشتکاروں کی شرکت تفصیلات کے مطابق اوچ شریف کے نواحی علاقہ موضع خرم پور زمیندار اعلیٰ یاسین کے ڈیرہ پر علاقہ سے کثیر تعداد میں شریک ہونے والے سیمینار میں کاشتکاروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ کھادوں کا متوازن استعمال یقینی بنائیں اور فصل پر عناصر صغیرہ (Micro - nutrients) کے کم از کم تین سپرے کریں۔ علاوہ ازیں، چھدرائی اور جڑی بوٹیوں کا تدارک بروقت مکمل کرنے کی تاکید بھی کی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے کسان کارڈ کی ریکوری سے متعلق دریافت کیا اور زمینداروں کو درپیش مسائل کے تفصیلی جوابات دیتے ہوئے بقایا جات کی بروقت ادائیگی کی ہدایت کی۔ بعد ازاں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت نے کپاس کے کھیتوں کا معائنہ کیا انہوں نے عملے کو سخت ہدایات جاری کیں کہ وہ کپاس کی بوائی کے اہداف کی تکمیل اور کسان کارڈ ریکوری کے لیے کاشتکاروں کی بھرپور رہنمائی کریں اور ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں۔ اور ہر وقت چھوٹے بڑے کاشتکاروں کی راہنمائی کریں کیونکہ کاشتکاروں کی خوشحالی پاکستان کی خوشحالی ہے اور ان کاشتکاروں کی وجہ سے ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور ہمہ وقت فیلڈ میں آپکی موجودگی اور زراعت عملہ کے مشوروں کی وجہ سے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی اور زیادہ سے کاشتکاری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے

اسماء ناز عباسی کا نیشنل پریس کلب اسلام آباد کا دورہ

پارلیمانی سیکرٹری اسماء ناز عباسی نے صحافیوں کی فلاح کے لیے یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (شہباز انجم رانا) پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت و بہبود آبادی اسماء ناز عباسی نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کا دورہ کیا، جہاں عابد عباسی ودیگر عہدیداران اور ممبران پریس کلب نے انہیں خوش آمدید کہا، اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری اسماء ناز عباسی نے نیشنل پریس کلب کی نو منتخب باڈی و فنانس سیکرٹری عابد عباسی کو مبارکباد پیش کی اور نئی قیادت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آواز ہیں اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں، پارلیمانی سیکرٹری نے این پی سی قیادت کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ پنجاب حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بہترین منصوبوں پر کام کر رہی ہے جبکہ راولپنڈی میں تعمیر و ترقی کے متعدد جامع منصوبے پایۂ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے، ملاقات کے دوران صحافیوں کو صحت کے شعبے میں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے، علاج معالجے، طبی مراعات اور ہیلتھ پروگرامز میں تعاون کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی، اسماء ناز عباسی نے یقین دہانی کرائی کہ صحافی برادری کی صحت سے متعلق مسائل کے حل اور انہیں بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ این پی سی کے فنانس سیکرٹری عابد عباسی نے پارلیمانی سیکرٹری کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کے مسائل کے حل اور فلاحی اقدامات کے لیے حکومتی نمائندوں کا تعاون خوش آئند ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صحافیوں کی بہبود، صحت اور پیشہ ورانہ سہولیات کے حوالے سے مشترکہ اقدامات مستقبل میں مزید مضبوط ہوں گے۔ اس موقع پر صحافی برادری کی فلاح، عوامی آگاہی، صحت عامہ اور باہمی تعاون سے متعلق مختلف امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

میاں چنوں میں موٹروے پولیس کی فرضی مشقیں کامیابی سے مکمل

ریسکیو 1122 کی مدد سے روڈ ایکسیڈنٹ کی مشقیں کی گئیں

میاں چنوں (اعجاز احمد جرولہ) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس بیٹ 17 کے زیر اہتمام روڈ ایکسیڈنٹ سے متعلق فرضی مشقیں، جناب سیکٹر کمانڈر محمد کاشف رحیم، ڈی ایس پی محمد یوسف کی زیر نگرانی موٹروے پولیس بیٹ 17 میاں چنوں N - 5 سنٹرل II ملتان میں ایکسڈنٹ ڈیلنگ کے متعلق ریسکیو 1122 کے تعاون سے ریسکیو 1122 میاں چنوں کی موجودگی میں موک فرضی مشقیں کی گئی تاکہ خدانخواستہ مستقبل میں ہونے والے حادثات کو بہتر طریقہ سے سنبھالہ جاسکے اور اس بابت جناب ڈی ایس پی صاحب موٹروے پولیس، انچارج ریسکیو 1122 میاں چنوں نے افسران کو ایکسڈنٹ ڈیلنگ کے طریقہ کار سے متعلق آگاہ کیا۔ اس مشق میں بیٹ 17 کے تمام افسران نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

ڈسکہ میں دو سال گزرنے کے باوجود سڑکوں کی حالت بدتر

لوگوں کی کاروباری مشکلات پر وزیر اعلیٰ سے اپیل، فوری اقدامات کی ضرورت

ڈسکہ (حافظ ثمر شہزاد مغل سے) تفصیلات کے مطابق ڈسکہ میں جو روڈ کھلے کرنے کے نام آپریشن شیرو شروع کیا گیا اسے تقریباً دو سال ہو گئے لیکن بد قسمتی سے ابھی تک کئی سڑکیں محلے روڈ ایسے ہیں جہاں ملبہ بھی نہیں اٹھایا جا سکا روڈ بنانا تو بہت دور کی بات ہے سب سے پہلے سمبڑیال روڈ کی ہی بات کر لیتے ہیں جہاں ٹف ٹائل لگے ابھی تھوڑا ہی عرصہ گزرا ہے کہ ہمارے بلدیاتی وزیر جو کہ ماشاءاللہ خبروں میں بہت متحرک نظر آتے ہیں اور ہماری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی انہیں کافی دفعہ ان کے کام کی وجہ سے اپریشیٹ کر چکی ہیں لیکن وہ سمبڑیال روڈ پر سیوریج پائپ ڈالنا بھول گئے اور اب دوبارہ سے ٹف ٹائل جو کہ ابھی پوری بھی نہیں لگی تھی اور کوالٹی ایسی کچھ مہینوں میں ہی آدھی تقریباً گھس گئی اسے اکھاڑ کر اب سیوریج پائپ ڈالے جا رہے ہیں اسے ناتجربہ کار کہیں یا عوام کا پیسہ جہاں بھی بہا دیا جائے کوئی فرق نہیں پڑتا اور ڈسکہ کہ کھنڈرات ابھی تک ختم نہیں ہوئے ملبہ اٹھایا نہیں گیا اب نالے بننے شروع ہوئے ہیں اور ان کا ملبہ بھی مہینوں لگیں گے اٹھنے میں دوکاندار میں اٹھا کر دیکھتے رہتے ہیں کسٹمر کہاں سے شاپ پر چڑھے گا بے شرمی ایسی کہ دھڑلے سے پھر بھی بولتے ہیں کہ ہم عوام کا پورا خیال رکھ رہے ہیں افسوس کہ کہ گورنمنٹ پنجاب کے ستھرا پنجاب کے نعرے ان کی اپنی ٹیم کی کارکردگی کے نیچے ہی دب گئے بے شرمی اور بے حسی کی انتہا ایسی کہ لوگ کاروبار تباہ ہونے کے بعد اپنے کاروبار چھوڑ رہے بڑے بڑے برانڈ ڈسکہ چھوڑ کر جا رہے ہیں مہنگائی نے غریب آدمی تو غریب ہے بڑے بڑے کاروبار تباہ کر دیئے ہیں لوگ لاکھوں کروڑوں روپیہ لگانے کے بعد سڑکوں پر آ رہے ہیں پسرور روڈ کالج روڈ نسبت روڈ جی ہاں نسبت روڈ کی کارکردگی دیکھ لیں دو سال گزر گئے لیکن بس وہی پرانہ راستہ تھوڑا بہت سیدھا کیا وہی جو ناجائز تجاوزات کی زد میں مکان آئے توڑے گئے ساتھ نالا بن گیا اسی توڑ پھوڑ میں وہیں سے پانی پوری روانی سے آزادی سے گزر رہا ہے ورنہ جو نالے ہمارے وزیر بلدیات بنوا رہے ہیں ان میں پانی مٹی ریت لکڑیاں ویسے ہی پڑی ہیں جو ایک بارش سے بند ہو جائیں گے کیونکہ انہیں ابھی تک کسی نالے کے ساتھ لنک نہیں دیا گیا جب بارش ہو گی یا تو لوگوں کے مکان سڑکوں پر گریں گے یا نالوں کا پانی سڑکوں پر نہری منظر پیش کرے گا اتنی نااہل انتظامیہ ڈسکہ کی عوام پر مسلط کر دی گئی ہے کہ جو بڑے بڑے کاروبار تھے اور بہت مصروف روڈ تھے ذرائع کے مطابق ان علاقوں سے ووٹ کم نکلے تھے تو شاید اس لئے ان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جا رہا سوچنے کی بات ہے جو کاروبار دو سال سے کھنڈرات والے روڈ پر ہو رہے جہاں سے نالوڈر نارپڑھی کچھ بھی آسانی نہیں گزر سکتا تو کاروبار کیا ہو سکتے ہیں خدارا ڈسکہ کی عوام اور ڈسکہ کے حالاتِ۔ ڈسکہ کے روڈ ۔ڈسکہ کے کاروبار ان پر رحم کریں اپنے بچوں کا پیٹ پالنے دیں مہنگائی کاروبار نا ہونے کی وجہ سے بچے سڑکوں پر اور کچھ نشے کی لت میں جا گرے بیٹیاں گھر میں بیٹھی ہیں شادیوں کے انتظار میں ڈسکہ کی عوام ہاتھ جوڑ کر وزیر اعلیٰ سے اپیل کرتی ہے لاہور اور بڑے شہروں کی طرح پنجاب کی ترقی میں ڈسکہ کا بہت بڑا رول ہے تو ڈسکہ سے ایسا ناروا سلوک نا کیا جائے کہیں ایسا نا ہو آپ کی جماعت کے سپورٹرز ہی آپ کی انتظامیہ کو گریبانوں سے پکڑ کر ڈسکہ سے نکال باہر کریں ہوش کے ناخن لیں اور ڈسکہ کو کاروباری رہنے دیں اور سارے پراجیکٹ جو شروع ہوئے ڈسکہ میں وزیر اعلیٰ تھوڑی سر درد لے کر جلدی مکمل کروائیں تاکہ ڈسکہ پہلے جیسا رواں دواں ہو سکے اور عوام اپنے کاروبار کر سکیں۔

چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک کا ناکہ جات کا دورہ

ناکہ جات کی صفائی اور سہولیات کی بہتری کے لئے ہدایات جاری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک کا مختلف ناکہ جات کا دورہ، ڈیوٹی امور اور سہولیات کا جائزہ لیا۔ ناکہ جات کی تزئین و آرائش، صفائی ستھرائی اور جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو معیار مزید بہتر بنانے اور شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف ناکہ جات کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران واہلکاروں کی کارکردگی، ڈیوٹی امور، شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور مجموعی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، اس موقع پر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے، سی ٹی او اسلام آباد نے مختلف ناکہ جات پر جاری تزئین و آرائش، صفائی ستھرائی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور ترقیاتی کاموں کا معائنہ بھی کیا، انہوں نے ناکہ جات پر سائن بورڈز، روشنی کے انتظامات اور ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے کیے گئے اقدامات کا بھی جائزہ لیا، انہوں نے ڈیوٹی پر موجود افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور انہیں ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، صبر و تحمل اور پیشہ وارانہ رویہ اپنایا جائے تاکہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بنایا جا سکے، انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کا اولین مقصد شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انکو درپیش مسائل کو بروقت حل کرنا ہے، سی ٹی او محمد سرفراز ورک نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ناکہ جات کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور انتظامی معیار کو مزید بہتر بنایا جائے جبکہ جاری ترقیاتی کاموں کو مقررہ وقت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ تمام ناکہ جات پر جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پولیس وردی میں اہلکاروں کا شہری بلال احمد سے اغوا

تھانہ کوٹ لکھپت میں شہری سے 40 ہزار روپے لوٹنے کا واقعہ

لاہور (انویسٹیگیشن سیل سے) تھانہ کوٹ لکھپت کی حدود میں پولیس وردی میں ملبوس اہلکاروں کی جانب سے اپنے خواجہ سرا ساتھیوں کے ہمراہ شہری کو اغوا، تشدد اور بھاری نقدی سمیت قیمتی سامان لوٹنے کا سنسنی خیز واقعہ سامنے آیا ہے۔ ایس ایچ او نے شہری بلال احمد کی درخواست پر اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بلال احمد ولد امانت علی (ساکن قصور) نے پولیس کو دیے گئے بیان میں بتایا کہ 16 مئی کی رات ساڑھے 8 بجے وہ کچہ جیل روڈ پر چنگی امرسدھو کے قریب رکشے سے اترا، اسی دوران دو خواجہ سرا، جن کی شناخت ماہی، خوشی اور کشمالہ کے ناموں سے ہوئی، وہاں موجود تھے۔ انہوں نے آتے ہی بلال پر حملہ کر دیا، مار پیٹ شروع کی اور اس کا موبائل فون اور 40 ہزار روپے نقدی زبردستی چھین لیے۔ ملزمان شہری کو زبردستی گھسیٹ کر قریبی کوارٹر میں لے گئے اور اسے واش روم میں بند کر دیا۔ کچھ دیر بعد جب اسے واش روم سے نکالا گیا تو وہاں پولیس وردی میں ملبوس 4 اہلکار موجود تھے، جن کی شناخت بعد میں کانسٹیبل سلیمان، کانسٹیبل عمیر، کانسٹیبل وقاص اور کانسٹیبل عرفان کے ناموں سے ہوئی۔ ان پولیس اہلکاروں نے خواجہ سرا ملزمان کے ساتھ مل کر شہری پر دباؤ ڈالا، اس کی شناختی کارڈ کی کاپی اور اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا، اور زبردستی اس سے مزید 11 ہزار روپے ہتھیا لیے۔ پولیس اہلکاروں اور ان کے خواجہ سرا ساتھیوں نے بلال احمد کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے کہا کہ "کسی کو کچھ بتایا تو انجام برا ہوگا۔" اس کے بعد ملزمان نے اسے دوبارہ رکشے میں بٹھا کر روانہ کر دیا۔ تھانہ کوٹ لکھپت پولیس نے شہری کی تحریری درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے تعزیراتِ پاکستان کی دفعات * 384 * 342 * (بہتہ خوری/زبردستی رقم بٹورنا)، * 155C * (غلط طریقے سے حبسِ بے جا میں رکھنا) اور * (پولیس آرڈر کے تحت اہلکاروں کی بد عملی) کے تحت مقدمہ نمبر *26/2462* درج کر لیا ہے۔ مقدمے کی تفتیش اے ایس آئی مدثر ایوب کے سپرد کر دی گئی ہے اور اعلیٰ حکام کو بھی واقعے سے مطلع کر دیا گیا ہے۔

ہارون آباد کے 16 سالہ نوجوان محمد عمیر کی گمشدگی

محمد عمیر کی لاہور میں موجودگی کی اطلاع، رابطہ کریں

نام محمد عمیر۔ عمر 16 سال ہارون اباد سٹی گھر والوں سے لڑ کر نکلا ہے لاہور میں موجودگی کی اطلاع ملی ہے کسی دوست بھائی کو نظر آئے تو رابطہ کریں۔ 03072088095

سوہاوہ ثقافتی میلہ 2026 میں کبڈی اور بیل دوڑ شامل

سوہاوہ میں ثقافتی میلہ اختتام پذیر، بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی

طارق محمود مغل۔ خبر شامل کرتے ہیں سوہاوہ سے سرجلال سوہاوہ ثقافتی میلہ منعقد ہوا جو 14 * 15 * 16 اور 17-5-2026 کو اختتام پذیر ہوا جس میں کبڈی بگھد بیل دوڑ شامل ہیں بیشمار سٹال لگائے گئے۔ علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس سے روایتی نظام کی یاد رازی ہوتی ہے

جاز کمپنی صارفین سے فراڈ کے الزامات میں ملوث

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے جاز کمپنی کی شکایات کا نوٹس لیا

منڈی بہاوالدین (بیورو چیف شفیق الفضل ثمر) جاز کمپنی آن لائن اے ٹی ایم اور دیگر سہولیات کا جھانسہ دے کر عام صارفین سے فراڈ۔۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی قوانین کی خلاف غیر معیاری سروس ۔۔۔۔۔۔ تفصیلات کے مطابق جاز کمپنی صارفین کے ساتھ فراڈ غیر معیاری سروس جیسے مسائل کے علاوہ ان لائن اے ٹی ایم ایپلائی کرنے کے باوجود نہ ملنے جیسی شکایات پی ٹی اے قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث ہے۔۔۔ کئی افراد ان لائن اے ٹی ایم ایپلائی کر چکے ہیں مگر نام نہاد گمنام کوریئر سروس کے ذریعے کارڈ بھجوا دیے جاتے ہیں کا کہا جاتا ہے جبکہ بھجوائے نہیں جاتے جو کہ بدنیتی ہے۔۔ بہرتہام تر صورتحال کے متعلق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی ڈائریکٹر انفورسمنٹ زون ڈائریکٹر پی ٹی اے کو آگاہ تحریری طور پر کر دیا گیا ہے علاوہ کوریئر سروس جو کہ بالکل اس کا وجود ہی نہیں کہ متعلق ایف آئی اے کو تحریری طور پر آگاہ کر دیا گیا ہے کہ کمپنی کے خلاف فراڈ کا نوٹس لیا جائے علاوہ واقعی محتسب سے کو تحریری طور پر آگاہ کیا جا چکا ہے۔۔۔۔۔

رائے ونڈ میں صفائی کی بگڑتی صورتحال، شہریوں کی اذیت بڑھ گئی

وزیر اعلیٰ پنجاب کے وسائل کے باوجود ایل ڈبلیو ایم سی ناکام، شہری مایوس

رائے ونڈ (چوہدری نصیر مغل) رائے ونڈ شہر کے محلوں میں صفائی کی صورتحال اس حد تک بگڑ چکی ہے کہ گلیاں کچرا کنڈی کا منظر پیش کرنے لگی ہیں۔ جگہ جگہ پڑے کوڑے کے ڈھیر، تعفن اور گندگی نہ صرف شہریوں کے لیے اذیت کا باعث بن رہے ہیں بلکہ انتظامی کارکردگی پر بھی سنگین سوالات اٹھا رہے ہیں۔ حالیہ منظر نامہ واضح کرتا ہے کہ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) عملی